# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 06 جون 2014ء بمطابق 07 شعبان 1435 ہجری بعد از دوپہر چار بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَO الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِO مٰلِكِ يَوْمِ الدِّينِO إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُO اهْدِنَا الصِّرٰطَ الْمُسْتَقِيمَO صِرٰطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْO غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّينَ۔

(ترجمہ): سب طرح کی تعریف خدا ہی کو (سزاوار) ہے جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے بڑا مہربان نہایت رحم والا۔ انصاف کے دن کا حاکم۔ (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھے رستے چلا۔ ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا رہا۔ نہ انکے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ، جزاکم اللہ۔

جناب سردار حسین: پوائنٹ آف آرڈر۔

محترمہ نگہت اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: میڈم! میرے خیال میں صرف یہ 'کوئسچنز آور' آج ہمارا، ایک منٹ میں ٹائم دیتا ہوں، اچھا آج ہمارا ایجنڈا بڑا لمبا ہے تو آپ کیلئے آج یہ بھی ہے کہ آپ لوگ ان شاءاللہ تعالیٰ آج خوش ہونگے، اچھا جی، یہ تو تین لوگ آپ کھڑے ہوگئے ہیں نا۔ سردار حسین ایک ہی ایشو ہے؟ سردار حسین جی۔

جناب سردار حسین: مهربانی جی، مهربانی سپیکر صاحب، شکریه۔۔۔۔

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! زما درته دا ریکویسټ به وی یو منټ، څلور کسان ودریدل نو زه وایم چې دا کوئسچنز به واخلو نو که ټائم مونږ ته ملاؤ شو نو تاسو له به بیا ټائم درکړو۔

جناب سردار حسین: دا لږه اهمه خبره ده، دواړه خبرې اهمې دی۔

جناب سپیکر: جی جی۔

## رسمی کارروائی

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ یو خو دا چې پرون چې کومه خودکش دهماکه شوې ده، مونږ د هغې مذمت هم کوؤ او بیا تاسو نه به خواست هم کوؤ چې د هغه شهیدانو د پاره دعا اوشی۔ سپیکر صاحب، اهمه مسئله بیا بله چې نن PEMRA په جنگ گروپ باندې او په 'جیو' باندې هغه پابندی اولگوله د پندره ورځو د پاره سپیکر صاحب، دا که مونږ په مهذبه یا په جمهوری معاشره کښې اوگورو په میډیا باندې قدغن کول، په میډیا باندې پابندی لگول او بیا په یو جمهوری وطن کښې، په یو جمهوری ملک کښې دا بالکل آمرانه فیصله ده سپیکر صاحب! د ټولې دنیا دستور دا دے چې د میډیا په حواله باندې که د حکومت ته یا د میډیا ریگولیرټی چې کومې ادارې دی، هغوی ته څه اعتراض وی، د هغې د پاره سزا متعین ده، هغه سزا د جرمانې په شکل کښې وی خو دلته خو دا ډیره زیاته افسوسناکه خبره ده چې په 'جیو' باندې پابندی اولگوله او زه

دا گنړم چې په 'جیو' چینل باندې یا په جنگ گروپ باندې پابندی لګول چې دی دا یواځې په هغه اداره باندې پابندی لګول نه دی، د هغې په لکهونو کتونکی دی، اوریدونکی دی او بیا په هغه ادارو کښې په زرگونو خلق چې دے هغه هلته کار کوی، روزگار کوی۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر صحافی حضرات پریس گیلری سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب سردار حسین: زما د میډیا ملگرو ته هم دا خواست دے چې مونږ، زما د میډیا ملگرو ته دا خواست دے چې مونږ خبره کوؤ نو بیا که تاسو واک آؤټ کوئ، یو دوه منټه زمونږ خبره واؤرئ، زما هغوی ته خواست دے چې مونږ خپله خبره اوکړو بیا به تاسو واک آؤټ اوکړئ۔ سپیکر صاحب، مونږ د دې غندنه هم کوؤ بلکه دا غوښتنه کوؤ چې هغه گروپ چې دے هغوی معافی غوښتې ده، ظاهره خبره ده مونږ د دې وطن خلق یو، مونږ مسلمانان یو او چې کومې ادارې معافی اوغوښته، بیا د هغې نه پس دومره لویه سزا چې ده دا نه صرف جمهوری نظام سره نه ښائی، جمهوری حکومتونو سره نه ښائی، مهذبه معاشرو سره نه ښائی، مونږ د دې غندنه کوؤ بلکه مونږ دا هم خواست کوؤ چې د میډیا دننه پکار دا ده چې د هغوی محتسب یا احتساب سیل چې دے هغه جوړ شی۔ که بیا ضمنی میډیا سیکشنې چې دی، هغوی داسې پروگرامونه کوی یا د هغوی داسې پروگرامونه سنسر کیږی نه، پکار دا ده چې د میډیا دننه چې کوم ریگولیرټی اتهارټیز دی یا د میډیا چې کوم ایسوسی ایشنز دی، آرگنائزیشنز دی، د هغې دننه هغوی خپل احتسابی سیل جوړ کړی او پخپله د خپل ځان احتساب اوکړی۔ سپیکر صاحب، مونږ دا گنړو چې 45 ورځې اوشوې چې په دغه چینل باندې Unofficial پابندی لگیدلې وه، په اربونو روپو نقصان هغوی ته اوشو، د هغوی ریجنل ایډیټرز باندې په ملتان کښې هم حمله اوشوله، بیا حامد میر صاحب باندې په کراچئ کښې هم حمله اوشوه، د هغې ادارې ټول کارکنان چې دی هغه ټارگټ کیږی او دا چې کوم مثالونه دی، که مونږ د پاکستان تاریخ رااوچت کړو نو باید چې لږ ډیر مثالونه د آمرانو دور حکومت کښې دا به مخې ته راغلی وی خو په جمهوری حکومتونو کښې دا مثالونه چې دی ،دا په اولنی ځل باندې دلته راغلل، نو مونږ دا خواست کوؤ، حکومت ته هم دا خواست کوؤ، پیمرا ته هم دا

خواست کوؤ چې سزا چې ده، دا د سزا انتهاء ده او مونږ دا ګڼړو چې هغه څه ته چې آزادی رائے اظهار والا آزادی وائی، دا په هغې باندې قدغن دے، دا خو مونږ دا ګڼړو چې د میډیا چې کومه آزادی ده، دا خو د میډیا دور دے سپیکر صاحب، نن که مونږ سوچ اوکړو، دا د میډیا دور دے، مونږ سیاسی خلق چې یو، زمونږ آواز چې میډیا عوامو ته نه رسوی مونږ سره بل Mode of communication نشته، مونږ سره بل Source of communication نشته، مونږ سره خو د میډیا دغه یو Mode of communication دے یا Source of communication دے چې مونږ خپل آواز چې دے، مونږ خپل پالیسئ چې دی، مونږ خپل منشور چې دے، زمونږ Day to day issues چې دی، Statements چې دی، دا چې خپل عوامو ته رسوؤ، ټارګټ فوکس ایریا ته مونږ رسوؤ، مونږ سره دا یو واحد Pool دے، مونږ بالکل د دې خبرې غندنه کوؤ او دا ضرور وایو په دې فورم باندې، زه دا هم خواست کوم چې نن په دې وطن کښې دا د میډیا چینلز چې یو بل پسې شوی دی، دا هم ډیر خطرناک صورتحال دے، نه ده پکار، دا که نن په دې وطن کښې یو چینل سره داسې کار کیږی، دا باقی چینلې چې د هغه چینل خلاف لګیا دی، دا هغه چینلې د په ذهن کښې دا خبره باید چې کښینوی چې سبا هغه چینلو سره هم دا کار کیدے شی، نه ده پکار، د ادارو خپل دائره کار د ننه خپل چې آئینی کوم کار دے، اخلاقی کوم کار دے، پروفیشنل، پیشه ورانه کوم کار دے، پکار دا ده چې هغه کار سر ته اورسوی۔ لهذا مونږ د پیمرا د دې فیصلې چې دا آمرانه فیصله ده، مونږ ئې ډیر په سختو الفاظو کښې د هغې غندنه هم کوؤ او خواست کوؤ د دې اسمبلئ د فلور نه چې نه ده پکار چې دا د جمهوریت په آزادئ باندې قدغن دے، د میډیا په آزادئ باندې قدغن دے، پکار دا ده چې دا فیصله فوری طور باندې واپس واخستې شی او چې څنګه ممکنه وی، که غلطی شوې وی، هغوې له موقع ورکړې شی چې د هغوی Hearing اوشی او بیا پکار دا ده چې کوم سزا کیدے شی چې هغه سزا ورکړی خو دا سزا نه چې زمونږ د وطن هغه تاثر چې دے د نیا ته۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ میڈم نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! آپ کا شکریہ۔ ظاہر ہے کہ میڈیا ہمارے ساتھ بالکل ایک فیملی کی طرح ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، میں جو بات پوائنٹ آف آرڈر پہ کرنا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ کل جس طریقے سے دہشت گردوں نے ہمارے فوجیوں کو نشانہ بنایا اور ان کے چھوٹے چھوٹے بچے، میڈیا تو شاید اس بات کو نہیں سوچے گا کہ ان کے چھوٹے چھوٹے بچے یتیم ہو گئے۔ اسی طرح جناب سپیکر صاحب، پولیس، ہمارے معصوم لوگ، جناب سپیکر صاحب! میں یہ بھی کہوں گی کہ یہاں پہ بابک صاحب نے Although وہ میرے Colleague ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب! آج جو لوگ قربانیاں دے رہے ہیں، چاہے وہ فوج کی ہیں، جو فوج کے لوگ ہیں، چاہے وہ میڈیا کے لوگ ہیں، چاہے وہ پولیس کے لوگ ہیں، چاہے وہ میرے پاکستان کے معصوم شہری ہیں، جناب سپیکر صاحب! کہاں کا اصول ہے کہ ایک ادارے کے سربراہ کی تصویر تین چار گھنٹے تک بلکہ آٹھ گھنٹے تک مسلسل ایک ملزم کی طرح اس کی تصویر چلائی گئی، جناب سپیکر صاحب! میڈیا آزاد ہے، چاہیے تو یہ کہ باقاعدہ ایک آزاد انکوائری کمیٹی بنتی اور اس میں باقاعدہ طور پہ، یہ جو بندش ہوئی ہے، میں اس کے بھی خلاف ہوں لیکن میڈیا کو بھی اپنے کچھ اصول طے کرنا ہونگے جناب سپیکر، یہ جو چینلز نے آپس میں ایک لڑائی اور محاذ آرائی کھولی ہوئی ہے، ہم لوگ اس کے بھی خلاف ہیں لیکن جناب سپیکر! اگر مرکزی گورنمنٹ ایک کمیٹی بنا دیتی اور میڈیا کے لوگوں کو اور اس ادارے کے لوگوں کو اور تمام لوگوں کو On board لے کر اس مسئلے کا حل کروا دیتی، وہاں پہ گورنمنٹ تذبذب کا شکار تھی، یہاں پہ تو میڈیا پہ بھی قدغن لگ گئی، جناب سپیکر صاحب! ہم لوگ اس محاذ آرائی کو کسی طریقے پہ بھی نہ تو پسند کرتے ہیں اور نہ اس کی ترغیب دیتے ہیں جناب سپیکر صاحب، جو شہید ہو گا، چاہے فوج سے تعلق رکھتا ہے، چاہے ہماری پولیس سے تعلق رکھتا ہے، چاہے حساس ادارے سے تعلق رکھتا ہے، چاہے معصوم شہری ہے، چاہے وہ ہندو ہے، چاہے وہ سکھ ہے، چاہے وہ مسلمان ہے جناب سپیکر صاحب، جان سب کی جان ہے کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے کہ جب ایک جان کو بچاؤ گے تو پوری انسانیت کو بچا لو گے اور اگر ایک جان کو قتل کرو گے تو گویا پوری انسانیت کا قتل ہے جناب سپیکر صاحب، اسی فلور سے میں ان دہشت گردوں کو پھر للکارتی ہوں کہ یہ دہشت گرد بزدل ہیں جو میرے پاکستان کو Destabilize کر رہے ہیں، ان دہشت گردوں کو میں یہاں سے پیغام دینا چاہتی ہوں کہ

بزدلو! سامنے آؤ، سامنے آ کے وار کرو تاکہ تمھیں پتہ چل جائے کہ پاکستان کی قوم نے اور پاکستان کی ماؤں، بہنوں نے کتنی قربانیاں اور اس کے لوگوں نے کتنی قربانیاں دے کر یہ پاکستان حاصل کیا ہے جناب سپیکر صاحب، یہ دہشت گرد جو ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، میڈم! مختصر کریں، ایجنڈا بہت لمبا ہے، تھینک یو جی، تھینک یو جی۔ اچھا کوئسچنز آور، کوئسچن نمبر 1421، مفتی فضل غفور صاحب۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: یہ اپنے منصوبوں میں بالکل ناکام ہونگے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

* 1421 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائینگے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 22 فروری 2014 کو دہشت گردی کی ایک واردات میں بونیر امن کمیٹی کے رکن عدالت خان ایڈوکیٹ ریموٹ کنڑول دھماکے کے ذریعے اپنے دو ساتھیوں سمیت شہید ہو گئے تھے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ واقعہ میں دو افراد شدید زخمی ہوئے تھے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے ان شہید افراد اور زخمیوں کیلئے ابھی تک کسی امدادی پیکج کا اعلان نہیں کیا؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت ان افراد کیلئے کتنی امدادی رقم کے اعلان کا ارادہ رکھتی ہے اور کب تک ان شہداء کے بچوں اور اہلخانہ اور زخمیوں کے حوالے کی جائے گی؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مذکورہ واقعہ میں عدالت خان ایڈووکیٹ اور ایک ساتھی شہید ہوئے تھے۔

(ب) یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ واقعہ میں سپیشل فورس کے دو اہلکار اور ایک سول آدمی زخمی ہوا تھا۔

(ج) اس سلسلے میں حکومت کی طرف سے کسی خاص پیکج کا اعلان نہیں کیا گیا، البتہ حکومتی پالیسی کے تحت شہداء کے ورثاء اور زخمیوں کو معاوضہ ادا کر دیا گیا ہے۔

(د) حکومتی پالیسی کے تحت ہر ایک شہید کے ورثاء کو مبلغ پانچ لاکھ روپے اور شدید زخمی کو مبلغ دو لاکھ روپے ادا کئے گئے ہیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ ما چې کوم سوال کړے وو د هغې جواب راغلې دے ، جواب نه زه مطمئن یم جی ، I am satisfied۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 1497، سید جعفر شاہ صاحب

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر! میڈیا والے واک آؤٹ کر گئے ہیں، اگر ان کے پیچھے کوئی جائے۔

جناب سپیکر: مشتاق صاحب! آپ ایک دو آدمی میڈیا کے پیچھے بھیج دیں، اپوزیشن کا بھی ایک ساتھ لے کے جائیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: بابک صاحب چلے جائینگے جی۔

جناب سپیکر: اپوزیشن کا بھی اس کے ساتھ، جی جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، پروگرام 'صحت کا انصاف' کے بارے میں یہ میرا سوال تھا اور یہاں پہ جو تفصیلات دی گئی ہیں، میرے خیال میں وہ پروگرام تو اب نہیں چل رہا لیکن اس میں ایک تو یہ کہ انہوں نے کہا ہے کہ دوسرے اضلاع تک ہم اس کا دائرہ کار بڑھائینگے تو ایک تو ہیلتھ منسٹر صاحب یہاں پہ نہیں ہیں، پتہ نہیں کون جواب دے گا؟ دوسری بات جناب سپیکر صاحب، یہ ہے کہ اس پروگرام کے Non development expenditures ہیں، اس میں میں ایک مثال دیتا ہوں کہ صرف سیلریز پر 88 لاکھ روپے Per day ان ورکرز کو تنخواہ ملتی ہے جن کو بھرتی کیا گیا ہے، پندرہ ہزار، تقریباً یا گیارہ ہزار ورکرز ہیں اور ان کو پانچ سو روپے یومیہ اس مہم میں ان کو سیلری دی جاتی ہے تو میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ کیا یہ موزوں نہیں تھا کہ ہم Existing institutions کو Use کر کے اور انکی سروسز کو استعمال کر کے اس پروگرام کو آگے چلاتے؟ Already یہاں پہ WHO اور UNICEF کے تحت پروگرام چل رہا ہے، اس پہ میڈم کا سپلیمنٹری بھی ہے تو یہی میرا سوال ہے کہ ۔۔۔۔۔

جناب عارف یوسف (پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون و پارلیمانی امور): جناب سپیکر! شہرام صاحب پہنچنے والے ہیں، اگر اس وقت تک یہ پینڈنگ رکھیں تو بہتر ہوگا۔

جناب سپیکر: اچھا یہ پینڈنگ کرتے ہیں، شہرام صاحب آ رہے ہیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شہرام صاحب اگر آ جائیں تو ٹھیک ہے جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: شہرام صاحب آجائیں تو اس کو۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: نو جواب بہ را کڑی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! چار سوا چار بجے شہرام صاحب کو چاہیے کہ آجائیں۔

جناب سپیکر: ہاں، عارف یوسف صاحب۔

محترمہ نگہت اورکزئی: نہیں سر، اس میں میرا ضمنی سوال ہے، جناب! اس میں میرا سپلیمنٹری سوال ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون و پارلیمانی امور: جی، وہ ابھی دس منٹ میں پہنچ جائیں گے۔

جناب سپیکر: اچھا شہرام صاحب آرہے ہیں، تھوڑا اس کو لیٹ کرتے ہیں، جب وہ آجائیں گے تو اس کو Respond کریں گے۔ کوسچن نمبر 1497 پینڈنگ۔ کوسچن نمبر 1369، مفتی سید جانان صاحب۔

* 1369 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مختلف بیرونی ممالک تعمیر و ترقی اور خوشحالی کیلئے موجودہ حکومت کی مالی امداد کر رہے ہیں، نیز بیرونی ممالک کے متعدد فلاحی ادارے بھی فلاحی کاموں کے سلسلے میں صوبے میں مصروف عمل ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کن ممالک نے کتنی رقم امداد میں دی، نیز یہ رقم کن کن اداروں کو کن کاموں کیلئے دی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) آیا صوبے میں کام کرنے والے تمام فلاحی ادارے صوبائی حکومت کی زیر سرپرستی کام کرتے ہیں یا وہ خود جہاں مناسب سمجھیں کام کرتے ہیں، اسکی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب خلیق الرحمان (پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) تفصیل برائے مالی سال 14-2013 ایوان کو فراہم کی گئی۔

(i) جہاں تک فلاحی اداروں کا تعلق ہے، یہ ادارے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے دائرہ کار میں نہیں آتے اور نہ ہی اس کے زیر اثر کام کرتے ہیں۔ محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے پاس بیرونی امداد کے صرف وہ

منصوبہ جات ہوتے ہیں جن کیلئے صوبائی یا مرکزی حکومت باقاعدہ مفاہمت کی یاداشت یا مالی معاونت یا قرضے کیلئے باقاعدہ معاہدے پر دستخط کرتی ہے۔
فلاحی اداروں اور انکے منصوبہ جات کے متعلق معلومات متعلقہ محکموں جیسے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ یا Relief & Rehabilitation Department سے لی جاسکتی ہیں۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، دا کہ تاسو اوگورئ دا تقریباً 35000ملین روپئ دی او دیکبنې مختلف څیزونه دی، ایجوکیشن دے، زراعت دے او انرجی ده او نور څیزونه مطلب ډیمونه دا ورکبنې دی خو جناب سپیکر صاحب، ما ته چې څومره معلومات دی او دې سوال کبنې چې ما ته څومره معلومات دی او دې سوال کبنې چې ما ته څومره معلومات مهیا کړے شوی دی، هغه دا دی چې دا پیسې بیا دغه ملکونو له لکه نن اخبار کبنې اوګورئ څنې پیسې بیا هغه ملکونو خپلې واپس اخستې دی نو منسټر صاحب که تیار وی او دغه ئے وی نو ما ته به د دې جواب راکړی چې دیکبنې څومره پیسې لګیدلې دی او څومره نه دی لګیدلې او که تیار نه وی نو بیا بلې ورځې ته۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، خلیق الزمان، خلیق الرحمان صاحب۔

جناب خلیق الرحمان (پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات): جناب سپیکر، جو مفتی جانان صاحب کا کوسچن ہے، وہ یوٹیلائزیشن کے حوالے سے ان کا کوسچن آیا ہے تو میرے پاس یہ ڈیٹیلز ہیں، میں ان کو اگر یہ چاہتے ہیں کہ ابھی دے دوں تو ابھی دے سکتا ہوں ورنہ پھر بعد میں بھی میں دے سکتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ کی آواز صحیح نہیں آرہی ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات: جو ان کا یوٹیلائزیشن کے حوالے سے کوسچن ہے جی، تو اس کی ڈیٹیلز میرے خیال میں اگر ان کے ٹیبل پہ نہیں ہیں تو میرے پاس ہیں، میں ان کو بعد میں دے سکتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! وہ کہتے ہیں کہ میرے پاس پوری ڈیٹیلز ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات: باقی یہ ہے کہ تقریباً اس میں ہماری جو یوٹیلائزیشن ہے، وہ تقریباً 60% تک یوٹیلائزیشن ہوئی ہے اور ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ پیسے واپس گئے ہیں، بلکہ ان شاءاللہ

اگلے مالی سال کیلئے ہمارے ساتھ زیادہ Commitments ہوئی ہیں اور یہ Foreign aid جو ہے تقریباً 40 بلین تک جائے گی اور جو Products ہیں، وہ تقریباً 40 بلین تک جائیں گے، پہلے 35 بلین تھے جو ابھی 40 بلین تک جائیں گے۔

جناب سپیکر: جی، مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، زما نور څه مقصد نه دے، منسټر صاحب ډیر قابل ترین سړے دے، الله پاک د خوشحاله لری خو زه جی دا گزارش کوم چې دا پیسې لگیدلې نه دی، که منسټر صاحب وائی چې لگیدلې دی، زه خپل سوال نه مطمئن یم، زه خپل سوال واپس اخلم خو دا جی ډیرې لوئې پیسې دی، دا بهر ملکونه مونږ ته راکړی جی، اوسه پورې زه وایم چې دا تمام ممبران چې څومره دی، د دوئ حلقو کښې به په سکولونو باندې کار نه وی شروع شوے، دیکښې پرائمری سکولونه دی، مډل سکلونه دی، هائی سکولونه دی ورکښې، ډیمونه دی، انرجی ده، هسپتالونه دی، ډیر څیزونه دی ورکښې او نن جی مشرق اخبار لیکلی دی چې ډیرو ملکونو خپلې پیسې بیا واپس کړلې، هغوی وائی چې یره تاسو نشئ صرف کولې، مونږ خپلې پیسې واپس اخلو نو که منسټر صاحب وائی چې نه دا خبره صحیح روانه ده او دا سوال چې کوم دغه دا حقیقت نه دے نو سوال نه مطمئن یم، بیا به د منسټر صاحب خبرې باندې اعتبار اوکړم جی۔

جناب سپیکر: جی خلیق صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات: ایسا ہے جی کہ میرے پاس ڈیٹیلز بھی ہیں، ایجوکیشن میں 33% یوٹیلائزیشن ہوئی ہے اور ہیلتھ میں 30% یوٹیلائزیشن ہوئی ہے، واٹر سپلائی سکیمز میں 176% یوٹیلائیشن ہوئی ہے تو اس طرح یہ یوٹیلائزیشن ہوئی ہے لیکن یہ ہے کہ یہ Miscommunicate کیا گیا ہے تو ان شاءاللہ میں مفتی جانان صاحب کے ساتھ بیٹھ جاؤنگا، ان کو میں پوری تفصیل دونگا، اگر انکی تسلی نہ ہوئی تو یہ Next Session میں بھی دوبارہ کوسچن لا سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی جی۔ مفتی صاحب، کوسچن 1370، مفتی سید جانان صاحب، مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زما۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہیلتھ منسٹر ابھی آرہے ہیں تو پینڈ نگ کرتے ہیں، وہ آجائیں تو پھر یہ کرتے ہیں۔

مفتی سید جانان: صحیح دہ جی۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 1371، مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: دا هم جی هیلتهـ منسټر سره تعلق لری جی۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 1372۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: راغلو جی، ما شاءالله، ما شاءالله جی۔

جناب سپیکر: راغے، منسټر صاحب راغے ؟ اچها مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: جی۔

جناب سپیکر: بیا چې کوم ځائې نه پاتې وو هغه ځائې نه۔

مفتی سید جانان: 1370 جی ؟

جناب سپیکر: اؤ جی، 1370۔

* 1370 مفتی سید جانان: کیاوزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر سال سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات یا ادویات کیلئے رقم فراہم کی جاتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادویات یا ادویات کی رقم بعض ہسپتالوں کو زیادہ اور بعض کو کم دی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2010 سے تاحال مختلف ہسپتالوں کو دی گئی ادویات اور مذکورہ مد میں رقوم کی تفصیل ہسپتال وائز اور ضلع وائز الگ الگ فراہم کی جائے؛

(ii) نیز ہسپتال کی طرف سے جن غریب ونادار لوگوں کو مفت ادویات فراہم کی گئی ہیں، انکے نام، تاریخ، ہسپتال کے نام کی تفصیل ایئر وائز و ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (i) سال2010سے تاحال مختلف ہسپتالوں کو دی گئی ادویات اور مذکورہ مد میں رقوم کی تفصیل ہسپتال وائز ایوان کو فراہم کی گئی۔ مزید برآں موجودہ صوبائی حکومت نے صوبہ کے تمام بڑے ہسپتالوں (تدریسی و ضلعی ہیڈ کوارٹر) میں مفت طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایک ارب روپے کی خطیر رقم فراہم کی ہے۔اس کے علاوہ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس پشاور، ارنم ہسپتال پشاور، ایوب میڈیکل کمپلیکس ایبٹ آباد اورINORایبٹ آباد کو کینسر کے مریضوں کے مفت علاج کیلئے بھی پچاس کروڑ روپے کی خطیر رقم فراہم کی گئی ہے۔

(ii) مختلف ہسپتالوں نے جن مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی ہیں، انکی تفصیل درج ہے:

Detail of funds released to various District Hospitals for medicens from 2010 to 2014-06-08

| S.No. | District Hospital | Budget released in Million | | | | Number of Patients provided free treatment | Remarks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 2010-11 | 2011-12 | 2012-13 | 2013-14 | | |
| 1. | District Head Quarter Hospital Abbottabad | 7 (M) | 10.4 (M) | 10 (M) | 7.910 (M) | 63548 | Admitted patient only |
| 2. | District Head Quarter Hospital Bannu | 9.5 (M) | 10 (M) | 12 (M) | 11.3 (M) | | Free medicine provided to all admitted patients |
| 3. | District Head Quarter Hospital Bunir | 8.5 (M) | 14 (M) | 14 (M) | 4.500 (M) | | |
| 4. | District Head | 4.5 (M) | 10 (M) | 10 (M) | 2.6 (M) | 500396 | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Quarter Hospital Batagram | | | | | | |
| 5. | District Head Quarter Hospital Charsadda | 6.5 (M) | 10 (M) | 10 (M) | 26.095 (M) | | Patient detail are lying in the Health Directorate |
| 6. | District Head Quarter Hospital | 7.95 (M) | 12.39 (M) | 12.734 (M) | 2.90 (M) | 572308 | |
| 7. | District Head Quarter Hospital Haripur | 8.97 (M) | 10 (M) | 10 (M) | 11.3 (M) | | |
| 8. | District Head Quarter Hospital Hangu | 4.2 (M) | 6.4 (M) | 6 (M) | 5 (M) | 315096 | |
| 9. | District Head Quarter Hospital Kohat | 5.6 (M) | 10 (M) | 8.5 (M) | 3.95 (M) | 282754 | |
| 10. | District Head Quarter Hospital Karak | 8 (M) | 11.213 (M) | 11.5 (M) | 29.058 (M) | | |
| 11. | District Head Quarter Hospital Mardan | 12.8 (M) | 13.35 (M) | 12.90 (M) | 2.68 (M) | 630329 | |
| 12. | District Head Quarter Hospital Mansehra | 7 (M) | 11.425 (M) | 1 (M) | 5.02 (M) | | |
| 13. | District | 15.37 (M) | 18.00 (M) | 15 (M) | 10.170 | 238815 | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Head Quarter Hospital D.I.Khan | | | | | | |
| 14. | District Head Quarter Hospital Dir Upper | 6 (M) | 11.5 (M) | 16.6 (M) | 3.735 (M) | 22431 | Indoor and OT Patient |
| 15. | District Head Quarter Hospital Swabi | 6.5 (M) | 8 (M) | 9 (M) | 14 (M) | 133031 | |
| 16. | District Head Quarter Hospital Swat | 30.00 (M) | 35.00 (M) | 35.00 (M) | 35.600 (M) | | |
| 17. | District Head Quarter Hospital Nowshera | 1.5 (M) | 2 (M) | 2.2 (M) | 4 (M) | 55500 | |
| 18. | Bacha Khan Medical Complex Swabi | 6.00 (M) | 8.800 (M) | 9.500 (M) | 4.600 (M) | | |
| 19. | District Head Quarter Hospital Dir Lower | 11.00 (M) | 6.400 (M) | 12.500 (M) | 11.400 (M) | 130914 | |
| 20. | Lady Reading Hospital Peshawar | 56.500 (M) | 60.00 (M) | 60.00 (M) | 60.00 (M) | | |
| 21. | Khyber Teaching Hospital Peshawar | 36.200 (M) | 28.700 (M) | 46.00 (M) | 21.600 (M) | | |
| 22. | Ayub | 40.000 (M) | 45.500 | 54.000 | 52.00 | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Teaching Hospital Abbottabad | | (M) | (M) | (M) | | |
| 23. | Mardan Medical Complex Mardan | 10.000 (M) | 20.00 (M) | 20.00 (M) | 193.000 (M) | | |
| 24. | Khalifa Gul Nawaz Hopsital Bannu | 2.500 (M) | 8.00 (M) | 8.00 (M) | 3.390 (M) | | |
| 25. | Mufti Mehmood Memorial Hospital D.I.Khan | 2.500 (M) | 5.00 (M) | 5.00 (M) | 3.390 (M) | | |
| 26. | Hayatabad Medical Complex Peshawar. | 33.00 (M) | 37.500 (M) | 37.500 (M) | 28.000 (M) | | |
| 27. | Molvie Amir Shah Memorial Hospital Peshawar | 12.000 (M) | 18.000 (M) | 18.000 (M) | 13.75 (M) | | |
| 28. | DHQ Hospital Malakand | 16.00 (M) | 16.00 (M) | 16.00 (M) | 6.000 (M) | | |
| 29. | Services Hospital Peshawar | 45.00 (M) | 15.00 (M) | 15.00 (M) | 11.500 (M) | | |
| 30. | Naseer Ullah Khan Babar | 45.000 (M) | 20.5000 (M) | 20.5000 (M) | 20.560 (M) | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Hospital Peshawar. | | | | | | |

مفتی سید جانان: دا جی ما دا سوال کښې غوښتې دی (ج) جز کښې "اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2010 سے تاحال مختلف ہسپتالوں کو دی گئی ادویات اور مذکورہ مد میں رقوم کی تفصیل ہسپتال وائز اور ضلع وائز الگ الگ فراہم کی جائے؟" لاندې جی بیا دا بل دغه کښې مالیکلی دی چې "نیز ہسپتال کی طرف سے جن غریب ونادار لوگوں کو مفت ادویات فراہم کی گئی ہیں، ان کے نام، تاریخ، ہسپتال کے نام کی تفصیل ضلع وائز فراہم کریں؟" زه جی که تاسو لږ غوندې اوګورئ، دا جی دا ټوټل د څلورو کالو دا ورځې جی ما جمع کړې دی، دا 1460 دن راځی او بیا دیکښې احتیاطی طور باندې 370 دن ما ورنه د چھٹیانو ایستې دی، بیا جی دیکښې 1090 دن پاتې کیږی او زه تاسو ته جی یو دوه مثالونه د دې درته بیانوم، دیکښې هنګو دے جی، په آټھ نمبر باندې هنګو ته جی 29 ملین، دو کروړ 90 لاکھ روپئ ورته ملاؤ دی او دا دوه کروړ 90 لاکھ روپئ یومیه جی راځی 26 هزار 605 روپئ یومیه مطلب دا دے د یو هسپتال خرچه راځی۔ که تاسو جی لږ غوندې هم دغه سوال کښې مخکښې اوګورئ، دا جی سوات په سوله نمبر باندې جی، دې ته 135 کروړ روپئ ملاؤ دی، 13 کروړ 50 لاکھ روپئ یومیه حساب سره جی راځی ایک لاکھ 23 هزار 853 روپئ، مطلب دا دے دا یومیه خرچه راځی۔ هم دغه شان جی دا نور ځایونه دی، لیډی ریډنګ هسپتال دے، دا نور څیزونه دی نو زما جی دا ګزارش دے، دا زمونږ ټول ممبران غالباً دغه هسپتالونو ته ځی، زه جی دا وایم چې ایک لاکھ یا دو لاکھ روپئ خو پریږده چې زه وایم چې دغه هسپتالونو کښې به چا ته د دو هزار روپئ ادویات هم نه ملاویږی۔ زما دا ګزارش دے جی، دا ډیرې زیاتې روپئ دی، دا د سټینډنګ کمیټئ ته لاړ شی چې د دې صحیح تحقیق اوکړلے شی چې د دې صحیح صورتحال څه دے جی؟

جناب سپیکر: شہرام خان۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سرا! دیکښې زما یو کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: ضمنی؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جی ضمنی سر۔ د دې مفتی جانان چې کوم کوئسچن دے او دې لسټ کښې کوم هپستالونه ډسټرکټ، په دیکښې سر! ما ته لکی ډسټرکټ په لسټ کښې ښکاری نه، آیا هغلته هسپتال نشته یا هغلته بیماریانې نشته؟ د دې متعلق که سر! شهرام خان لږ مونږ ته۔۔۔۔

جناب محمود احمد خان: سر، سر۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب محمود احمد خان: سر، زمونږ ضلع هم پکښې نشته دے جی۔

جناب سپیکر: بیټهنی صاحب۔ تاسو ته دومره مضبوط زمونږ ایم پی اے صاحب نه ښکاریدو شهرام خان!

جناب شهرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: مهربانی سپیکر صاحب۔ مفتی جانان صاحب یقیناً او زما نورو Colleagues چې کوم دے نو د ممبرانو صاحبانو کوئسچن بالکل صحیح دے، دا کوم دوه ئے چې نه دی اچولی اصل کښې دا کوئسچن ډیر زوړ دے جی It's not a new one, it's a very old Question۔ بل خبره دا ده جی چې د مفتی جانان صاحب خبرې بالکل ټهیک دی، مونږ ته هیڅ اعتراض نشته، زه وایم چې هر یو شے بالکل صفا وی، مفتی جانان صاحب چې کوم کوئسچن کړے دے او د دې کوئسچن Answer چې سړے ورکوی نو زه په ایگریکلچر کښې ما ته یاد دی چې یو یو پلنده به راتله And that use to cost a lot او بیا هغه ټولو ته ورکول، نو بهرحال هغه د دوئ حق دے، هغې باندې څه دغه نه کوؤ خو خبره دا ده چې Details already ورکړی دی، که دوئ ته نور تفصیل پکار وی، زه ورته معلوم یم، زما طریقه کار هر یو شے ورته معلوم دے، بالکل به راسره کښیني ډیپارټمنټ، که د هنگو غواړی چې کوم یو ډسټرکټ والا غواړی، هغه ډی ایچ او سره، هغه به ورته مخامخ کښینوم، سیکرټری صاحب به ورسره ناست وی، نور لائن ډیپارټمنټس چې څومره دی چې دوئ کوم قسم تسلی کول غواړی، کوم قسم کوئسچن کول غواړی، هغه به ورته په هغه ځائې باندې، ټول به ورته راغونډ کړم، هغه ځائې چې کوم کوئسچن کول غواړی، هغوی به

هغلته Answer کړی، ان شاء الله څه پرابلم به ورته نه وی۔ تر څو پورې نور زه۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مفتی صاحب، مفتی صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (صحت):</u> زه جی یو بل، مفتی صاحب! یو خبره کوم نو بیا خیر دے تاسو ته، بله خبره دا ده جی چې څنګه دوئ د لکی خبره اوکړه یا بیټنی صاحب خبره اوکړه، یقیناً د هر یو ډیټیل پکار دے، ما اوس ډیپارټمنټ سره میټنګ اوکړو، مونږ ورته کلیئرکټ دا خبره کړې ده چې کوم کوئسچن راځی، د هغې د پاره یو میکنزم جوړ کړئ چې هغه څه تپوس کول غواړی، پکار ده چې هغه Answer هغه طریقې سره په دې پیج کښې به دې ممبرانو صاحبانو ته ورکړے کیږی، دا د دوئ حق دے چې دوئ ته انفارمیشن ورکړے شی۔ نو ان شاء الله فیوچر کښې هغه ټول څیزونه Streamline کوؤ، پوره ډیټیلز به دوئ ته ورکړے کیږی And I hope چې د دې سره د دوئ څه تسلی اوشی۔

<u>جناب سپیکر:</u> مفتی جانان صاحب! وړومبے دا اوکړئ جی۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> لکه دا خو ډیر کلیئر کوئسچن دے چې Required detail ئے غوښتے دے او ډیپارټمنټ دومره هم نشی کولې چې یره بهئ پوره ډیټیل ورکړی چې یره دغې ډسټرکټ ته دومره ملاؤ شوی دی، لکه دې نورو ډسټرکټس ته ئې تفصیل ورکړے دے او دا بعضې ډسټرکټس پکښې پاتې دی۔ آیا د دې مونږ ته خو پته اندازه نه لګی سپیکر صاحب! بار بار دا خبره په دې فلور باندې کیږی چې یره دا ډیپارټمنټس ډیټیل سره جواب نه راستوی، تاسو هم په دې باندې بار بار دا خبره کړې وه، ایکشن مو اخستے وو نو کم ازکم دې ډیپارټمنټس ته یو وارننګ ورکول پکار دی چې یره دا خو صرف د یو کس خبره نه ده کنه، مفتی جانان سره به منسټر صاحب کښینی او خبره به ورسره اوکړی خو دا خو د ټولې صوبې خبره ده نو په دیکښې کم از کم Kindly سر، تاسو دا یو بیا ډائریکشن جاری کړئ چې دا ډیټیل سره د دا دغه راستوی او بار بار دا خبره مطلب په دې فلور باندې کیږی، It means چې د اسمبلئ فلور۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شهرام خان به Explain کړی، شهرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): بالکل زه د دوئ خبرې سره اتفاق کوم، ما سټارټ کښې هم اووئیل، دا د دوئ Right دے چې دوئ ته کلیئر انفارمیشن ملاویږی، حکومت پکار دا دی ډیپارټمنټس چې هر یو شے شیئر کوی، پټولو والا څه خبره نشته، هر یو شے ښکاره دے، مخامخ دے، که پیسې ورکړې کیږی د غریبو خلقو د پاره ورکړې کیږی، که هغلته هسپتال کښې چا ته سهولت ملاویږی، هغه Across the board هر چا ته ملاویږی نو هغې کښې پټ پناه څه نشته، د دې خبرې سره مونږ اتفاق کوؤ بالکل، نه صرف هیلتھ، هیلتھ به زه ایشورنس ورکوم ان شاء الله چې ما ډیپارټمنټ ته هم اووئیل او نور ورته تاسو Already مطلب هغه ستاسو اختیار دے، پکار ده چې ټول ټهیک ټهاک انفارمیشن هر یو ممبر له ورکړئ، دیکښې د پټولو هیڅ څه خبره نشته۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: زه سپیکر صاحب، دا خبره کوم کنه، زه ډیر تفصیل کښې نه ځم "نیز ہسپتال کی طرف سے جن غریب ونادار لوگوں کو مفت ادویات فراہم کی گئی ہیں، ان کے نام" دا نشته جی، تاریخ دا نشته، صرف هسپتالونو نوم دے جی، زه ډیر تفصیل نه بیانوم، زه منسټر صاحب ته چې برائے خدا منسټر صاحب! ستا یو یو هسپتال ته کروړونه، کروړونه روپئ ملاؤ دی، ستا لیډی ریډنگ هسپتال ته 23 کروړ 60 لاکھ روپئ څلورو کالو کښې ملاؤ دی، ستا خیبر ټیچنگ هسپتال ته 130 ملین 13 کروړ روپئ تا ته ملاؤ دی، ایوب ټیچنگ هسپتال ته 129 ملین روپئ ملاؤ دی، مردان میډیکل کمپلیکس ته 23 کروړ 50 لاکھ روپئ ملاؤ دی او بله عجیبه خبره جی دا ده چترال کښې، چترال جی په چوده نمبر باندې دے، چترال ته 36 ملین، تین کروړ 60 لاکھ روپئ ورته ملاؤ دی او یو مریض ته، دا مریضان دوئ مونږ ته لیکلی دی 22 هزار 331، یو مریض باندې یومیه خرچه -/1604 روپئ شوې ده او وروستو داسې ځایونه دی چې 91 روپئ یو مریض باندې خرچه شوې ده۔ زما به منسټر صاحب ته دا گزارش وی، لاندې دا هسپتالونه دی، دا مې هم جمع کړی دی، زما دا گزارش دے، مونږ دا غواړو چې دا پیسې صحیح ځایونو باندې اولگی خو زه سپیکر صاحب! وایم چې لیډی ریډنگ هسپتال ته خو مونږ تاسو جی

لاړ يو، يقين اوکړه که داسې شے درته درکړی چې ته ئې خيته کښې اومنډې او فائدې والا خو پريږدوه چې تا ته فائده درکړی۔ زما دا گزارش دے چې دا د کميټۍ ته لاړ شی او ان شاء الله العظيم دا به د دغې صوبې او د دغې قوم د دغې غريبو خلقو مفاد کښې وی، منسټر صاحب ته به مې دا گزارش وی۔

جناب سپیکر: شهرام خان خو تاسو ته پوره تسلی اوکړه، زما خيال دے چې مفتی صاحب! هغوی خو تاسو ته اووئيل چې ټول ډيپارټمنټ به تاسو سره کښينوؤ۔ Anyhow شهرام خان که په دې باندې بيا څه خبره کول غواړی؟

سینیئر وزیر (صحت): زه يو پيره بيا دا خبره کوم۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اصل خبره دا ده جی چې هغلته کښې تپوس اوشی چې کومې پيسې لگيدلې دی نو کم از کم بيا ايم پی ايز ته د هغې حلقې چې کوم نمائنده وی، هغه هغه هسپتال ته تلې شی، هغلته معلومات کولے شی چې تا څنگه دا پيسې لگولې دی؟ چې زما خوا ته ډيټيل نه وی، زما خوا ته د دې پوره تفصيل نه وی نو زه شهرام خان ته دا خبره څکه کوم، دا موقع د ايم پی ايز ته ملاؤ شی چې کم از کم هغه هسپتال چيکنگ کوی چې يره دا پيسې ورته کسانو ته ملاؤ شوی دی، دا چې کوم فنډ ورته ملاؤ شوے دے که نه؟

جناب سپیکر: جی، شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): مهربانی جی۔ زه دې فلور آف دی هاؤس ته يو پيره ريکويسټ هم کوم دې ټول هاؤس ته، هغه بله ورځ هيلته باندې ډيبيټ وو، بيا ډير ورونړه خويندې نه وو، دا يواځې زما Responsibility نه ده، ټهيک شوه As a Minister بالکل ده خو دلته ټول Elected representatives ناست دی، د دوئ خپلې حلقې دی، هغلته هسپتالونه دی، زه دوئ ته دا ايشورنس ورکوم چې دوئ، او دوئ زمونږ مطلب دا دے Strength دے زمونږ او خصوصاً د هيلتھ د پاره وايم چې دوئ بالکل تلې شی، ديکښې د وينا ضرورت نشته، زه درته وايم تاسو لاړ شئ مونږ سره مدد اوکړئ، ځان سره مدد اوکړئ، دې قوم سره مدد اوکړئ لاړ شئ اوگرځئ، چهاپې اولگوئ، چيکنگ اوکړئ، کوم ځائې کښې څه Loopholes دی، پرابلمز دی، Identify ئې کړئ، ايکشن اخستل زما کار دے،

دا ورله زه فلور آف دی هاؤس ایشورنس ورکوم خو دوئ د مونږ سره راپاڅی او دوئ د مونږ سره هیلپ اوکړی۔ تر څو پورې د مفتی صاحب خبره ده، زه بیا دا خبره کوم او ایم پی اے صاحب خبره هم کوی چې دوئ ټهیک خبره کړې ده چې د دې انفارمیشن نشته، هغه به هم دوئ ته Provide کړو، ګوره کوم کوم پکار وی هغې له به هغوی خپل خپل دغه والا ورکړو او دوئ د هغه انفارمیشن واخلی، لاړ د شی او هغلته که دوئ لږ تکلیف اوکړو، دې سره مختلف فائدې کیدے شی۔ یو دا ده جی چې خلقو ته سهولت ملاو شی، System strengthen شی۔ دویمه خبره دا ده چې هغلته کوم خلق کار کوی چې دا عوامی نمائندګان تپوس کوی، دوره، درې څلور پیرې لاړ شئ Automatically به هغوی ته احساس پیدا شی چې تپوس کولو والا شته؟ او ایکشن اخستو والا هم شته، لهذا هر یو شے به Automatically ټهیک کیږی خو که صرف اسمبلئ کښې تپوس کولو سره، بیا دا وایم چې هر څه به نه ټهیک کیږی چې تر څو پورې مونږ په ګراؤنډ باندې هم یو بل سره مرسته اوکړو او مفتی صاحب ته زه وایم کښینئ راسره، څه ډیټیل پکار وی او ګوره کښیناستو د پاره ځکه وایم چې زما د نالج د پاره هم شی چې ما ته هم پته اولګی، کوم ځائې کښې کمزوری وی چې هغه لاره مونږ بنده کړو یا کوم ځائې کښې غلط کار کیږی یا کار ټهیک نه کیږی چې هغې کښې مونږImprovement راولو ان شاء الله، نو د دې ټولو په مدد سره به کیږی ان شاء الله۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: زه جی دا وایم کنه، منسټر صاحب وائی چې مونږ ته نشاندهی اوکړئ، دا ډیره ښه موقع ده جی، مونږ د دې منسټر صاحب په نیت باندې شک نه کوؤ، زه جی وایم چې دا پیسې نه لګی په غریبانو باندې، زه دلته وایم که نه وی دا صوبائی اسمبلئ د یو دوه کسان اولیږی، لیډی ریډنګ هسپتال کښې به د دنیا خلق وی، هغوی د دا تپوس اوکړی چې چا ته څه سهولت ملاویږی۔ زه جناب سپیکر صاحب، علیٰ وجہہ البصیرت وایم چې دا ډیرې لوئې پیسې دی او دیکښې داسې داسې کیږی، دا پیسې غریبانو ته نه رسی، دیکښې به منسټر صاحب هم مسئله نه جوړوی، مونږ به هم نه جوړوؤ، کمیټئ ته د لاړ شی، کمیټئ کښې به کښینو، که تحقیق وی هم دا لګیدلې وی، مطلب دا دے ښه خبره ده خو زه وایم

چې دا پیسې نه دی لګیدلې په دغه هسپتالونو باندې، هسپتالونو ته دا ټول ایم پی اے ګان ځی، دا ټول خلق ځی، دا نه دی لګیدلې۔ منسټر صاحب! تا ته زمونږ دا ګزارش دے دا د سټینډنګ کمیټۍ ته لاړ شی، هغلته به کښینو وربانديې۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: جی۔

جناب سپیکر: ریکویسټ خو هغه ډیر بهر پور اوکړو او دا یو ایشورنس هم تاسو ته درکړو نو تاسو اوګورئ Immediately ورسره کښینئ او دغه ورسره اوکړئ۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): سپیکر صاحب! زه ورته بیا وایم چې کوم ځائې کښې Loopholes دی، ما سره د کښینی، زما پکښې څه انټرسټ دے، هیلتھ سسټم دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شهرام خان! تاسو دا مهربانی اوکړئ چې Immediately دوئ سره میټنګ سیټ کړئ۔

سینیئر وزیر (صحت): ټهیک شو جی۔

جناب سپیکر: او Concerned department، د دوئ د ډسترکټ ډیپارټمنټ چې کوم دغه دی او چې کوم دا کوئسچن کښې دی نو هغه دوئ سره لږ پراپر میټینګ اوکړئ۔

سینیئر وزیر (صحت): راروانه هفته کښې چې کومه ورځ وی یو بل سره به، اوس بریک کښې کښینو، ورځ د راته اوښائی چې کله دوئ وائی، زه به ورسره اوکړم ان شاء الله جی۔

جناب سپیکر: ټهیک شو جی۔

سینیئر وزیر (صحت): تھینک یو۔

جناب سپیکر: ہں جی، مولانا صاحب۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب، د دې مسئلې دلته د راپورته کیدو نه وروستو دا مسئله یوائې د مفتی جانان صاحب او د منسټر صاحب نه پاتې

کیږی، دا د دې ټول هاؤس پراپرټی ده جی، نو لهذا دا انتهائی، مخکښې نه مونږ د دغه شی نه تنګ یو او دا د منسټرصاحب د دور نه مخکښنی خبره ده، نو لهذا عرض دا دے چې دا د سټینډنګ کمیټئ ته لاړ شی نو دې نه به دوه فائدې اوشی جی------

جناب سپیکر: Sitting چې څوک، چې څوک Concerned وی نو شهرام خان هغه به ټول راا وغواړی چې کوم کوم ډسټرکټ کښې ایشو وی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سردار حسین صاحب، بیا جعفرشاه صاحب، د دې نه پس ستا چې کوم پینډنګ کوئسچن وو نو هغه به مونږ واخلو۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، دې باندې دغه کوم۔ منسټر صاحب ډیره زیاته ښه خبره اوکړه او پکار هم ده چې داسېReaction یا Reply کیږی نو سپیکر صاحب! که مونږ دې سوال ته اوګورو، بیا د هغې جواب ته اوګورو، ستاسو مخامخ ته هم دا ریمارکس به پراته وی، د ډیپارټمنټ غیرذمه دارئ ته اوګورئ یا د ډیپارټمنټ غیرسنجیدګئ ته اوګورئ چې په ریمارکس کښې وائی چې Free medicines provide to all admitted patients۔ بیا Next وائی چې Patients detail are lying in the Health department.۔ بیا Next وائی چې Patients detail are under preparation، د دې مطلب دا دے چې دې ممبر صاحب یو سوال راوړے دے او دے تپوس کوی او دیکښې هیڅ شک نشته منسټر صاحب خبره اوکړه چې که ټول لسټونه چهاپ کیږی نو په دې باندې ډیره زیاته خرچه راځی، د دې نه مونږ انکار نه کوؤ خو دې کوئسچن له په دې شکل کښې په صفر کښې ضرب ورکول، داسې خو هم کیدے شوه کنه چې په ځائې د دې چې 124 کاپیانې د تیارې شی، ښه خبره دا وه چې درې کاپیانې تیارې شوې وے، څلور کاپیانې تیارې شوې وے، ما به هم ممبر صاحب ته ریکویسټ کړے وو او اپوزیشن نورو ملګرو ته به مونږ ریکویسټ کړے وو خو دا شے به اوپن شوے وو۔ میډیا ته به تلے وو، ممبرانو به ځان له لټون کړے وو۔ سوال دا دے سپیکر صاحب! چې دلته مونږ نه منسټر صاحب غواړی هم دا چې دا شے د ښکاره شی،

مثال یو هسپتال ته 21 ملین روپئ تلې دی او ډائریکټریټ یا ډیپارټمنټ دا خبره کوی چې دا د غریبانانو مریضانو په دوایانو باندې لګیدلې دی او که بیا یو ممبر تپوس کوی چې ما له د هغه نوم راکړه، د هغه د پلار نوم راکړه او د هغه ایډریس راکړه نو بیا به په جواب کښې دا وئیلې کیږی چې هغه ریکارډ په ډائریکټریټ کښې پروت دے۔ لکه دا جواب دے چې دا مفتی جانان صاحب د دلته اوس دا سوال نه کوی، دے به ډائریکټریټ ته لاړ شی نو هغوی به ورته دا خبره اوکړی، نو دا لا خبره ده؟ دا خو د دې ایوان استحقاق مجروح شو، مجروح کیږی۔ سپیکر صاحب! چې داسې قسم له سوال راځی، مونږ به حکومت سره دومره ګزاره کوؤ چې په ځائې د دې چې 124 کاپیانې چهاپ کوی، پینځه کاپیانې د چهاپ کوی، شپږ کاپیانې د چهاپ کوی، اووه کاپیانې د چهاپ کوی، نو زه اوس هم دا ګڼړم، مفتی صاحب چې څنګ خبره کوی چې دا دوایانې حقیقت دا دے چې صحیح خلقو ته نه رسی او چې دا رسی نو بیا د دې خبرې نه یره ولې پکار ده؟ پکار ده چې دا ریکارډ مخې ته راشی کنه او چې دا په کروړونو روپې دوئ په اشتهارونو باندې لګوی نو دا په ډیټیل ورکولو باندې که یو دوه لکهه روپئ اولګیدې نو زما یقین دا دے چې څه دومره لویه خبره خو نه ده۔ نو سپیکر صاحب، بالکل د ډیپارټمنټ د طرف نه مذاق نه دے پکار، منسټر صاحب دا خبره کوی چې ما ته ئې په ګوته کړئ، زه ورته دا خبره په ګوته کوم چې د دې خپل ډیپارټمنټ نه تپوس اوکړی چې آیا دا ذمه واره جواب دے؟ دا خو ډیر غیر ذمه واره جواب دے۔ دا خو د دې ټول ایوان استحقاق چې دے هغه مجروحه کیږی نو منسټر صاحب ته زما دا ریکویسټ دے چې اول دلته په خپل ډیپارټمنټ باندې Suomoto واخلی نو بیا به ان شاء الله نوره خبره کوؤ۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان! شہرام خان، اگر۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): زه یو۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے جو بات کی ہے، میں اس پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، اچھا پھر اس کو میں موقع دوں گا، (مداخلت) آپ نے ایک دفعہ بات کی ہے، ہماری میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انیسہ زیب! بات کر رہی ہیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر، آپکی بڑی مہربانی۔

(مداخلت)

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: لیکن یہ باریوں کی بات نہیں ہے، Relevance کی بات ہے۔ بنیادی طور پر بابک صاحب نے جو پوائنٹ اٹھایا، یہ بہت Important ہے ظاہر ہے، ٹھیک ہے Patients کی تعداد Sixty thousand, seventy thousand ہے، آپ دیکھیں کہیں بھی Consistency نہیں ہے، کسی جگہ ڈیٹیلز ابھی آ رہی ہیں، نہیں آ رہی ہیں۔ آج کل ٹیکنالوجی کا زمانہ ہے جناب سپیکر، اور منسٹر صاحب تو ساتھ ہی آئی ٹی کے منسٹر بھی ہیں، ایک سی ڈی میں یہ ڈیٹیلز ڈال کر Relevant بندوں کو دیدیں، It should not be that expensive کہ ان کے پاس بھی جو ڈیٹا ہے، کمپیوٹرائزڈ ہے اور ایک کاپی آپ کے نوٹس کیلئے سامنے اسمبلی میں رکھ دیں تمام ڈیٹیلز کے ساتھ، اگر پریس ملاحظہ کرتا ہے یا جو بھی ہو لیکن یہ نام اور پتے آنے چاہئیں اور ابھی بھی افسوس اس بات کا ہے کہ جواب میں کئی جگہوں پر یہ لکھا ہے کہ ابھی پراسیس ہو رہی ہیں، ابھی نام اور ڈیٹیلز جمع کی جا رہی ہیں تو اس کا مطلب ہے There is already جو ایک سسٹم ہے It is not in play اور یہ چیز بہت Important ہے کہ منسٹر صاحب اس پر Clarify کریں کہ ڈیٹا کہاں پر ہے، کس طرح پڑا ہوا ہے، کیا کمپیوٹرائزڈ ہے، کیا ان کے پاس Daily basis یا Monthly basis پر یہ رپورٹ آ رہی ہے؟ تو وہ ہاؤس کے ساتھ اور خاص طور پہ جس نے کوسچن موو کیا ہے اس کے ساتھ شیئر ہونا چاہیئے، باہر جا کر کوئی بھی ڈائریکٹوریٹ میں ریکارڈ نہیں دیکھ سکتا ۔

جناب سپیکر: شہرام خان!

سینیئر وزیر (صحت): سپیکر صاحب، مهربانی۔ ٹهیک دی خبرې، زه ورسره اتفاق کوم۔ خبره دا ده جی چې کوم انفارمیشن نه دے راغلے، ما سټارټ کښې اووئیل I repeat my words again چې د دوئ حق دے چې دوئ ته پته اولګی چې څه روان دی؟ د ډیپارټمنټ Responsibility ده چې دې آنریبل هاؤس ته، د دې

آنریبل ممبرز ته، دا Public representatives دی او دوئ سره ئې شيئر کړی او زما په چا باندې د پردې اچولو څه ضرورت نشته Because I am here to improve the health services او هغه خبره دوئ هم کوی۔ زه بيا دا خبره کوم چې بالکل او انيسه زيب صاحبه هم خبره اوکړه، چشم پوشی نه کوؤ، نه کول پکار دی او نه به چرې اوکړم، چې کوم سړے غلط کار کوی تپوس به ترې کوؤ، کوم سړے چې ټهيک کار کوی هغه ته شاباشې ملاويدل پکار دی۔ ديکښې چې کومې کمزورئ دی، ما مفتی جانان صاحب ته ريکويسټ هم اوکړو او دې ټول هاؤس ته کوم چې کښينئ راسره او کوم ځائې کښې ډيپارټمنټ کښې کمزورئ دی، هغه Identify کول او هغې باندې کار کول، هغې باندې Already مونږ کار شروع کړے دے او کمپيوټرائزيشن، آټوميشن د هيلته ډيپارټمنټ Already in progress دے ، په هغې باندې کار شروع دے بلکه مونږ دا هم وايو چې آئنده د پاره او دغه د پاره دا هاؤس کښې دا نظام کمپوټرائز کړئ چې د دې پيپر نه خلق خلاص شی چې بس راځی او په ډيسک باندې تا ته په سکرين باندې ټول انفارميشن راځی، It would be easy۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ماشاءاللہ۔

سینیئر وزیر(صحت): زما د طرف نه به دا Recommendation وی۔

جناب سپیکر: د هغې مونږ باقاعده آفيشلز چې دی، مونږ فيصله هم کړې ده-----

سینیئر وزیر(صحت): اؤ جی۔

جناب سپیکر: او ټول زمونږ سسټم چې دے نو هغه ګورنر سره دغه کوؤ او دلته مونږ د هغې د پاره بجټ هم ايلوکيټ کړے دے چې ان شاء الله تعالیٰ دلته په اسمبلی هال کښې به ټول دغه باندې چې دے نو کمپيوټر لګی ان شاء الله۔

سینیئر وزیر(صحت): آئی ټی ډيپارټمنټ به هغې کښې اوشی ان شاء الله، آئی ټی ډيپارټمنټ Proposal already دغه کړے دے۔

جناب سپیکر: او تاسو ډيپارټمنټ سره هغوی په رابطه کښې دی؟

سینیئر وزیر (صحت): بس ستا سو دغه پکار دے جی،

I hope that everybody study------

جناب سپیکر: ہں جی، سید جعفر شاہ صاحب، سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 1497۔

* 1497 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے کے مخصوص اضلاع میں 'صحت کا انصاف' کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ پروگرام کیلئے فنڈنگ کا ذریعہ کونسا ہے، اس پروگرام کی کل لاگت کتنی ہے اور جن جن مدات میں رقم خرچ کی گئی ہے، کی تفصیل فراہم کی جائے؛

سینیئر وزیر (صحت): زه جی د دې خبرې ته بالکل غلط نه وایمه که رولز ئے نه وی Follow کړی پکار دا دے چې ډیپارټمنټ د هغې خلاف د هغې سړی خلاف، زه یو، د هغې چې کوم دے خلاف ایکشن واخستې شی۔ زه خو هم زما هم دا خبره ده، زما او د دوئ په خبره کښې فرق نشتې خو زه واپس دوئ ته دا ریکویسټ کوم چې ما سره په ډیپارټمنټ کښې کښینی، سیکرټری ټول خلق به ورسره کښینوم،

مسئله به ورله حل کوم او د ټولو د پاره به هغه شے Follow کیږی، Not just for him دا هر چا د پاره جی۔ زه Second کوم او ریکویسټ هم کوم، مفتی صاحب پلیز، ریکویسټ دے زما جی۔

<u>جناب *محمود احمد خان*:</u> دا کوئسچن ما کړے دے ،یعنی 2014-04 ته، یعنی دا که کوئسچن اوشو څلور میاشتو کښې که ته وائے چې زما ډیپارټمنټ بیا انکوائری کړی وے دا څلورو میاشتو کښې ستا ډیپارټمنټ اووده وو چې دا آرډر شوے وے ستا ډیپارټمنټ انکوائری دلته شوکت یوسفزئی چیک شوے (پاځیدلے) وو څلورو میاشتو کښې انکوائری نه وه شوې۔ دا ستا ډیپارټمنټ ده؟ په څلورو میاشتو کښې به د انکوائری کړی وه کنه۔ شوکت ایشورنس راکړے وو۔ دا خو ما کوئسچن جمع کړو سپیکر صاحب، چې بیا دا ریکارډ راغللو وائی چې د دې ډپلومه نشته چې ټیسټ او انټرویو نه کوئ، ستا ډیپارټمنټ خو اووده خو نه دے۔

<u>جناب *سپیکر*:</u> زه هاؤس ته اچوم۔

<u>جناب *محمود احمد خان*:</u> خپل ډیپارټمنټ ته، تاسو خپل انکوائری ته تاسو خپل ډیپارټمنټ باندې زور نه لګیږی۔

<u>جناب *سپیکر*:</u> جی شهرام خان۔ ټائم شارټ دے، ټائم شارټ دے۔ بس جی ایجنډا ډیره ده۔

<u>*سینیئر وزیر (صحت)*:</u> زه دیکښې بحث نه کوم جی۔ دا د دوئ خوښه ده۔ ما ته هیڅ اعتراض نشته (*تالیاں*) زه صرف د دوئ د فائدې خبره کوم۔ اوس چې دوئ ته څه کښې فائده ښکاری هغه د اوکړی۔ که ډیپارټمنټ نه وی کړې، بد به ئے کړی وی۔ پکار دا ده چې په ټائم باندې ایکشن اخلی خو د فیوچر د پاره هم دے۔ ما خو د د دوئ د آسانتیا د پاره خبره کوله۔

<u>جناب *سپیکر*:</u> نه شهرام خان، Yes یا.No ته کمیټی ته لیږې یا نه لیږې ما ته اوس۔۔۔۔۔

<u>*سینیئر وزیر (صحت)*:</u> زه خو ورته دا وایم۔ بیا ورته ریکویسټ کوم۔ ما سره کښېنه مسئله ورله حل کوم۔ ریکویسټ مې دے، ریکویسټ۔ څه څه ئی دے۔

جناب سپیکر: Yes

سینیئر وزیر(صحت): تھیک شو جی چې اوس دوئ وائی نو ځی دے۔

جناب سپیکر: Okay is it the desire of the House that the Question No.1691جی شہرام خان۔

سینیئر وزیر(صحت): چې کلیئر خبره ده۔ Already order چې دے کینسل شوے دے۔ که دوئ ته پرابلم لګی، کوم ځائې کښې مشکلات وی، زه ورله دا ایشورنس ورکوم او زبانی جمع خرچ نه کوم۔ دوئ ما پیژنی ډیر ښه۔

جناب سپیکر: خو ایشورنس د رکوی کنه۔

سینیئر وزیر(صحت): مخکښې شوی دی هم مسئله ورله حل کومه جی۔

Mr. Speaker: Okay okay, thank you. 'Questions hour' is over.

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر : یہ کچھ معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں جناب محمد علی صاحب، ایم پی اے ، 06-06-2014، جناب راجہ فیصل زمان صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب شکیل احمد صاحب، ایڈوائزر ٹو سی ایم 06-06-2014، محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، پارلیمانی سیکرٹری 06-06-2014، جناب سکندر حیات شیر پاؤ صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب ابرار حسین صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب محمد علی ترکئی صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ، ایم پی اے 06-06-2014، محترمہ رقیہ حنا صاحبہ، ایم پی اے 06-06-2014، جناب سردار حسین صاحب چترال سے 06-06-2014، میاں ضیاء الرحمان صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب صالح محمد صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب ڈاکٹر حیدر علی صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب اکبر ایوب صاحب، ایڈوائزر 06-06-2014، جناب زاہد درانی صاحب، ایم پی اے 06-06-2014، جناب ضیاء اللہ آفریدی، وزیر معدنیات 06-06-2014، جناب محمد رشاد خان، ایم پی اے 06-06-2014، جناب عنایت اللہ خان، وزیر بلدیات 06-06-2014، محترمہ ملیحہ صاحبہ، ایم پی اے 06-06-2014۔ منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں، منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

## تحاریک استحقاق

Mr. Speaker: 'Privilege Motions' Mr. Mehmood Jan, MPA, to please move his privilege motion No. 41, in the House. Mehmood Jan.

جناب محمود جان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ اور اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ سرفراز خان ایس ڈی ای او پشاور ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سے میں نے بار بار فون پہ رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن فون پہ رابطہ نہ ہو سکا، لہذا میں نے اپنے بندے کو اس کے پاس بھیجا اور فون پر بات کرنے کو کہا۔ اس نے اس بندے سے بات کرنا بھی گوارا نہ سمجھی۔ میں فون پر باتیں سن رہا تھا، اس نے اس بندے کو بھی بہت برا بھلا کہا اور میرے پیچھے بھی بہت کچھ کہا، لہذا میرا اس ایوان سے اور سپیکر صاحب! آپ سے ریکویسٹ ہے کہ اس بندے کو Suspend کر کے کمیٹی کے حوالے کیا جائے جی۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: پڑھ لیں، Read کر لیں، اس کو Read کر لیں۔

جناب محمود جان: میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ سرفراز خان سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پشاور کو کئی بار فون پر ایک اہم نوعیت کے مسئلے کے اوپر بار بار رابطہ کرنے کی کوشش کی مگر مذکورہ آفیسر سے ٹیلی فون پر رابطہ نہ ہو سکا۔ میں نے اپنے ایک فرد کو ایس ڈی ای او کے آفس میں بھیجا اور اس سے فون پر مجھ سے بات کروانے کو کہا جبکہ مذکورہ آفیسر نے نہ مجھ سے فون پر بات کرنا گوارا کی، بلکہ میرے بھیجے ہوئے آدمی کو برا بھلا کہا جو کہ میں نے بذات خود موبائل پر سنا، جس سے میرا ہی نہیں بلکہ تمام ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا مذکورہ آفیسر کو Suspend کر کے قانونی کارروائی کی جائے اور اس مسئلے کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ تھینک یو جی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion number, Aatif Khan. ایجنڈا بہت لمبا ہے، جلدی جلدی۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): مهربانی سپیکر صاحب۔ ما ته معزز ممبر صاحب پرون چې کوم ډوډئ وه، په هغې کښې دوئ ما ته د دې خبرې ذکر

او کړو نو د هغه آرډرز نن شوی دی، Close شوے هم دے ، OSD کړے مو دے او د هغه خلاف چې څه کارروائی وی، هغه به هم ورته اوکړو۔ نن شوی دی هر څه، بیګا د وئ ما ته اووئیل نن شوی دی۔

جناب سپیکر: مطلب هغه OSD شوے دے۔

جناب محمود جان: ګوره جی، OSD نه جی، پوره کارروائی د اوشی، یواځې دا نه ده، مسئله هم سبا بیا هم کیدے شی، کمیټئ ته د حواله شی جی۔

جناب سپیکر: کارروائی څه ته وائی؟ Suspend شو کنه، هغه Suspend کړیدے کنه، ګورنمنټ ایکشن اخستے دے ، Suspend شوے دے ، عاطف خان وائی چې Suspend کړے مې دے۔

جناب محمود جان: صوبه بدر نشی کیدے جی خو که زرین ګل لالا ، زرین ګل لالا نه خفه کیږی جی نو تورغر ته ئې اولیږئ کم از کم جی، اؤ جی۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: او ایس ډی کړے مو دے جی۔

جناب سپیکر: دا وائی Suspend کړے مې دے۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: او ایس ډی کړے مو دے جی، انکوائری به پرې هم اوکړو خو زما په خیال د غه که انکوائری کښې هر څه د غه راوتل، بالکل لکه هغه زما د پاره-----

جناب سپیکر: زه محمود خان ته خبره کوم جی، ګوره Maximum سزا دا ده چې Suspend دے ، عاطف خان په فلور باندې وئیل چې انکوائری به هم کوم نو زما خیال دے چې This is-----

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نه نه جی، زما خبره واؤرئ جی، Suspend نه دے جی، او ایس ډی شوے دے ، او ایس ډی شوے دے ، انکوائری به پرې مقرر کړو، که ګناه ئې وی، بالکل چې څه سزا وی هغه به ورله ورکړو خو چې پته خو ئې اولګی چې څه، فی الحال مو او ایس ډی کړو ، انکوائری به پرې مقرر کړو۔

جناب محمود جان: کمیټۍ ته ئې حواله کړئ جی، کمیټی چې ورله څه سزا تجویز کړه جی، ما خو ریکویسټ اوکړو جی که زرین ګل لالا نه خفه کیږی نو دا آرډر د وړومبے اوشی چې تورغر ته ئې اولیږئ نو دا به هم بیا څه خبره جوړه شی جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: انکوائری به پرې اوکړو۔

جناب سپیکر: محمود خان! ته خبره اوکړه، زه ستا په خبره پوهه نه شوم۔

جناب محمود جان: کمیټۍ ته د حواله شی، هغه کمیټۍ والا څه سزا ورکړی، هغې ته مونږ تیار یو جی او که کمیټۍ کښې جی او بیا ریکویسټ هم کوم، کمیټۍ ته هم چې کم از کم زرین ګل لالا نه خفه کیږی نو تورغر ته ئې اولیږئ۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: حواله د کړی، دغه ته ئې حواله کړئ، پریږدئ هلته د لاړ شی چې بیا-----

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion No. 41, moved by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Privilege motion is referred to the concerned Committee. (Applause)

یہ ایڈ جرنمنٹ موشن، میں ایک ریکویسٹ کرتاہوں گورنمنٹ بنچز سے اور اپوزیشن سے کہ یہ کچھ ملازمین باہر مظاہرہ کررہے ہیں تو ان کو ایک دو ممبر جاکر مل لیں، شاه فرمان! باقاعده چې تاسو هغوی سره ملاؤ شئ نو هغې نه پس به خبره اوکړئ کنه جی-----

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب!

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: تاسو خبره اوکړئ جی۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب، شکریه جی۔ جناب سپیکر صاحب، دا خبره تقریباً څو څو ځله دې اسمبلۍ ته راوړې شوې ده او بیا تاسو بذات خود مونږ ته یقین دهانی راکړې وه چې دا کوم ملازمین Stay شوی دی یا د چا تنخواګانې

بندې دی یا د چا سروس سټرکچر نشته یا نور د هغوی لیګل حق دے ، هغه هغوی ته نه ملاویږی، جناب سپیکر صاحب! ستا د صوابئ خلق هم پکښې دی، د نوښار خلق پکښې هم دی او ټول پی ایچ ډی او تعلیم یافته خلق دی، د جنوبی اضلاع خلق هم دی، د دې پیښور خلق هم دی، د مردان خلق هم دی او د دیر هغه خو چې کوم وو نو هغه وزیر اعلیٰ صاحب مهربانی کړې ده پخوا ئې کور ته لیږلی دی، نو ستاسو د ضلعو خبره کوم، د هری پور ضلعې خبره کوم، د ډیره ضلعې خبره کوم، د کوهاټ ضلعې خبره کوم، د کوهاټ زمونږ ډیر معزز رکن ناست دے ، پکار ده چې خپله خبره ئې کړې وے ، د کرک خبره کوم، د نورو ضلعو خبره کوم چې ټول استاذان راغلی دی په زرګونو او بهر ناست دی او دا اعلان ئې هم کړے دے چې بل ورځ کیدے شی چې بنی ګاله ته لاړ شی، نو مهربانی اوکړئ وزیر اعلیٰ صاحب ته زما درخواست دے ، دا محکمه د دوئ سره ده چې د هغوی تنخوا ګانې ورکړی او چې هغوی کم از کم مطلب دا دے چې د هغوی د بچو مسئله ده، د هغوی د خاندانونو مسئله ده، دغه مهربانی د اوکړی، دغه ریکویسټ دے۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان خان! اس کا جواب کون دے گا؟ شاہ فرمان صاحب! یہ جو ایشو ہے یہ ورکر ویلفیئر بورڈ کے ملازمین کی ہڑتال ہے، سٹرائیک ہے اور بخت بیدار صاحب نے بات کی ہے، آپ اس پہ اپنے Comments بھی کر لیں اور ان سے مل بھی لیں۔ شاہ فرمان صاحب! (مداخلت) ایک منٹ، یہ بات کر لیں Shah Farman! Shah Farman! you are the Minister، جی، شاه فرمان خبره اوکړئ، (شور) شاه فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): جناب سپیکر، میں کوشش کر رہا تھا کہ Concerned (قہقہہ) یہ میری جناب سپیکر، بغیر تنخواہ کے کچھ نوکری زیادہ ہو گئی ہے، اصل میں فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے پیسے آتے ہیں اور یہ ایشو ہم نے ان کے ساتھ Take up کیا ہوا ہے، انہی کا انتظار ہے، ان کا جو جواب آئے گا، اس کے اوپر ہم عمل کر سکیں گے تو یہ فیڈرل گورنمنٹ کو ویسے بھی، اور فیڈرل گورنمنٹ کو ہمارا جو بھی ایشو جاتا ہے، وہ وہاں فائل کے اوپر بیٹھ جاتے ہیں، وہ چاہے ہائیڈل پاور کے سلسلے میں ہو، چاہے وہ گیس کی رائلٹی کی بات ہو، تو ہم انتظار کر رہے ہیں لیکن جناب سپیکر! اس کے اوپر ڈیپارٹمنٹ اور چیف منسٹر صاحب

سے بات کرتے ہیں کہ At the earliest اس کو کیسے Tackle کیا جائے لیکن فیڈرل گورنمنٹ کے Response کے بغیر اس کے اوپر فی الحال فیصلہ لینا مشکل ہوگا کیونکہ فیڈرل گورنمنٹ کا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، بخت بیدار صاحب۔

جناب بخت بیدار: دا خبره تقریباً د یو کال نه متواتر چلیږی، اوس د هغوی د بچو د رزق سوال دے۔ دا صوبه څه غریبه نه ده، تنخواه د راواخلی د دې خزانې او هغوی له د ورکړی او دوئ د خپله خبره Take up کوی د مرکزی حکومت سره، هغوی خو مطلب دا دے دې غریبانانو کومه گناه کړې ده او پیسې هسې هم تاسو نه Lapse کیږی نو دا Lapse پیسې د غریبانانو دې تنخواه کښې ورکړئ۔

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! اس پر میں بھی بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی، آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، پنجاب میں جو پنجاب کے سی ایم صاحب ہیں، ان کی Recommendation سے یہ بات پی ایم صاحب کو انہوں نے دی ہے اور وہ لوگ Permanent ہو گئے ہیں تو اگر ہمارے سی ایم صاحب بھی ان کی Recommendation کر دیں تو ان لوگوں کا میرا خیال ہے کہ یہ ممکن ہو سکتا ہے جی۔

جناب سپیکر: جی شاه فرمان صاحب، (مداخلت) اوشو جی کنه، شاه فرمان صاحب۔

وزیر آبنوشی: جناب سپیکر صاحب، بڑی اچھی Suggestion ہے کہ اگر سی ایم پنجاب نے Recommend کیا ہے اور پرائم منسٹر صاحب نے Permanent کیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ کسی طرح Permanent ہوں تو پھر ہمارے چیف منسٹر صاحب سے کوئی Recommendation نہ جائے کیونکہ اگر ہماری Recommendation جاتی ہے تو اس کا الٹا اثر ہو جاتا ہے۔ میں بخت بیدار صاحب کو، انکی بڑی اچھی تجویز ہے اور بڑے Experienced politician ہیں، رولز ریگولیشن کا بھی ایک طریقہ ہے، اگر یہ کوئی خیرات کا معاملہ ہے تو ادھر سے پیسے اٹھا کے ادھر دے دو اور ادھر سے پیسے اٹھا کے ادھر دے دو، یہ تو ممکن ہے نہیں، آپ پروسیجر سے آگے پیچھے ہٹ نہیں

سکتے، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اتنا آسان ہے کہ پراونشل گورنمنٹ کے پاس کہیں کسی Kitty میں پیسے پڑے ہیں اور وہ اٹھا کے ان کو دے دے، ایک طریقہ کار کلیئر کرنا ہوگا، پروسیجر کو Follow کرنا ہوگا، اگر فیڈرل گورنمنٹ بہت ساری جگہوں پر جناب سپیکر! بہت ساری جگہوں پر ہم Payment کر جاتے ہیں جو کہ فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے ہونی چاہیئے، اگر وہ بالکل Negative ہو تو پھر اس کے اوپر بیٹھ کر وہ کر لیں گے۔

جناب سپیکر: میں اس پہ یہ ریکویسٹ کروں گا کہ ہمارے پاس ایجنڈا بہت زیادہ ہے، آپ گورنمنٹ کے ایک دو نمائندے اور اپوزیشن کے ایک دو نمائندے ان کو مل لیں اور ان کی جو بھی Recommendation ہے، جو جو اس کیلئے اقدامات کرنے ہیں، وہ کر لیں۔ تو آپ شاہ فرمان صاحب! ایک دو، آپ ان کے ساتھ چلے جائیں اور پلیز، آپ یہ (شور) اس طرح ہے، دیکھیں آپ۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: شاه فرمان خان! څه نوې خبره نه ده چې صوبائی حکومت پیسې ورنکړې، د هغوې تنخواګانې بعضې چې، هغوې په څه حاجت کښې کړی دی۔ مخکښې نه دا شوی دی۔

جناب سپیکر: زما خیال دے چې تاسو هسې هم مخکښې خبره بیا اوکړئ۔

جناب بخت بیدار: مخکښې نه دا شوی دی، مخکښې نه دا شوی دی، لکه شاه فرمان خان! ته غریب د شمنه سړے مه جوړیږه۔

جناب سپیکر: ایشورنس ورکړه۔

وزیر آبنوشی: ایشورنس زه دا وایم چې دا به مونږ دوباره At the earliest فیډرل ګورنمنټ سره به خبره اوکړو خو بخت بیدار خان چې کومه خبره کوی، وائی تاسو سره فنډز Lapse کیږی، نه نو دا ته ما ته اووایه چې د کوم فنډ Lapse کیږی نو ډیویلپمنټل بجټ ته، د ډیویلپمنټل فنډ نه که مونږ کرنټ ته پیسې ورکولې شو نو دا Experienced politician دے، که چرې ډیویلپمنټل بجټ ته پیسې Lapse کیږی او دا تنخواګانو کښې ورکولې شو نو بخت بیدار خان د طریقه اوښائی او مونږ به ورسره هغسې اوکړو۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر، د مخکښې نه دا طریقه کار اپناؤ کړے دے، زه د ځانه نه یم لګیا۔

وزیر آبنوشی: چې کوم Suggestion د بخت بیدار خان د طرف نه راغلو چې د ډیویلپمنټل بجټ Lapse کیږی، دا ورکړئ دغه له، نو که ډیویلپمنټل بجټ په کرنټ کښې مونږ ضم کولے شو او که قانون وی او بخت بیدار صاحب ته معلوم وی، هغه د راته اوښائی، مونږ به په هغه شی عمل اوکړو۔

(شور)

جناب سپیکر: جی، اچھا شوکت صاحب ایک Suggestion دینا چاہتے ہیں، جی شوکت صاحب! ٹائم اتنا نہیں ہے، شاہ فرمان! آپ ان کو مل لیں، اس طرح Decision نہیں ہوتا، آپ ان کی ڈیمانڈز دیکھ لیں۔ سردار حسین صاحب! آپ ایک دو لوگ ان کے پاس جائیں جو انکی ڈیمانڈز ہیں، شاہ فرمان صاحب! ایک منٹ، آگے بڑھتے ہیں۔ شوکت صاحب! آپ بات کریں، ہمارے پاس ایجنڈا بڑا ہے، آپ دو لوگ اس کے جو ملازمین ہیں، ہاں۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: جناب سپیکر صاحب!

(قطع کلامیاں)

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر! زه۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: یره خبره کوئ، ته لږ۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: یو منټ جی۔

جناب سپیکر: جی جی، جی شوکت صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: جناب سپیکر صاحب، دا ډیره اهمه ایشو ده او د دې سره چې دا کوم خلق احتجاج کوی، دا زمونږ د صوبې خلق دی او ډیره دغه خبره ده لیکن دا ګوره دا د دې نه مخکښې ایل ایچ ډبلیوز سره دا کار اوشو، هغوی په سړکونو رااووتل، فیډرل ګورنمنټ د هغوی پیسې بندې کړې، اوس د ورکرز ویلفیئر بورډ د خلقو پیسې ئې بندې کړې، کله رابانديې بجلی بنده کړی، مطلب

دا ایشوز داسې دی چې فیډرل ګورنمنټ سره دا ایشوز دی او په مونږ ئې رااچوی، نو د دې اسمبلئ نه یو قرارداد د پیش شی، مونږ به ئې بهرپور Support کوؤ چې دا فوری طور باندې چې ورکرز ویلفیئر بورډ دا کوم پیسې دی، دا د فوری ریلیز شی او باقی مونږ سی ایم صاحب ته به ریکویسټ اوکړو که بریج فنانس کیږی د دې د پاره نو د هغې د پاره به هم ریکویسټ اوکړو۔

جناب سپیکر: جی دا جوائنټ ریزولیوشن، هن جی، خالد خان۔

جناب خالد خان: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ بخت بیدار خان۔۔۔۔

جناب سپیکر: خالد خان، خالد خان۔

جناب خالد خان: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ جناب بخت بیدار خان، یو منټ۔

جناب سپیکر: یو جوائنټ ریزولیوشن راؤړئ په دې باندې، خالد خان! خبره اوکړئ۔

جناب خالد خان: جناب سپیکر صاحب، دلته خو چې کومې خبرې شروع دی، دوئ مسئله خو د فیډرل ګورنمنټ سره ده ځکه چې دا د فیډرل ګورنمنټ ذمه داری ده خو زه به دا اووایم چې کم از کم تنګی ټی ایم اے چې کوم دے، د 2014-06-02 نه د هغې هغه Employees چې کوم دی د هغوی هړتال شروع دے او د هغوی دا مؤقف دے چې کم از کم د دوه میاشتو تنخواه ګانې مونږ ته ملاؤ نشولې، دریمه میاشت چې کوم ده دا دے اوس روانه ده، د هغوی تنخواه نشته او په دغه کښې چې کوم خلق Employ دی چې په هغې کښې د ټیوب ویل آپریټران دی، په هغې کښې الیکټریشنز دی، په هغې کښې صفائی والا خلق دی، هغوی مکمل هړتال کړے دے، د ټیوب ویلز آپریټرز چې کوم دی، هغوی ټیوب ویلز نه آن کوی، د اوبو مشکلات دی، خلقو ته اوبه نه ملاؤیږی۔ سټریټ لائټس چې کوم دی هغه آف دی، کوم چې د صفایئ پروګرام دے هغه ختم او هغوی بالکل دا Protest کړے دے چې تر څو پورې زمونږ دا مطالبې نه وی حل شوې یا څو پورې مونږ ته د تنخواه ګانو یقین دهانی نه وی راکړې شوې نو د هغې پورې به زمونږ هړتال وی او علاقه بالکل کربلا ته جوړه ده، اوبه پکښې نشته، لائټس نشته نو زما به دا ریکویسټ وی، سی ایم صاحب خو پاڅیدو خو سینیئر منسټر صاحب ته به دا زما

ریکویسټ وی چې بهئ! دا مسئله چې ده دا ډیره زیاته گهمبیره ده، هغه د وفاق مسئله وه، دا د پراونشل گورنمنټ مسئله ده نو کم از کم دیکښې دا سې Steps واخستلې شی چې کوم د هغوی مسئلې دی کوم چې پرې هغوی ته چې کوم یو ریلیف ملاؤ شی او د دې مسئلې فوری طور د هغې د پاره یو حل دغه شی۔

جناب سپیکر: زه دیکښې جی یو Suggestion، دا شوکت خان چې کوم Suggestion ورکړو چې یو جوائنټ ریزولیوشن راؤړئ نو هغه جوائنټ ریزولیوشن به دغه وی۔ جعفر شاه صاحب۔

جناب بخت بیدار: سپیکر صاحب! دا خود ریزولیوشن۔۔۔۔

جناب سپیکر: جوائنټ ریزولیوشن خو که د صوبائی حکومت کار وی او د وفاقی حکومت کار وی، د هغې به یو فائده وی کنه، جوائنټ ریزولیوشن به راشی۔ جی جی، جعفر شاه صاحب۔

جناب جعفر شاه: تهینک یو سپیکر صاحب۔ زه چونکه دا کمیټی چیئر کوم، دا ایشو په کمیټۍ کښېIn depth په دې باندې مونږ ډیر ډسکشن کړے دے، ون پوائنټ ایجنډا او هغې کښې بیا محترم بخت بیدار خان یو تجویز ورکړو، هغه تجویز سره د کمیټۍ ټول چې څومره ممبرز وو، هغوی اتفاق اوکړو سره د ډیپارټمنټ چې ډیپارټمنټ به د فیډرل منسټرئ نه مونږ له ټائم راواخلی او مونږ ټول سټینډنګ کمیټی به فیډرل منسټر فار لیبر ته ځو او د هغوی مخکښې به دا ایشو مونږ هغه ته وړاندې کوؤ په Written shape کښې نو دا Already مونږ Decide کړې ده، زما خیال دے چې هم دغه ئې حل دے چې مونږ د سټینډنګ کمیټۍ چې څومره ممبران دی، ورسره د ډیپارټمنټ Responsible خلق او مونږ به لاړ شو او دا چونکه فیډرل گورنمنټ سره ایشو ده، هغوی ته به ریکویسټ اوکړو۔

جناب سپیکر: یو جوائنټ ریزولیوشن پرې هم راؤړئ نو ایشو به لږه زیاته دغه شی۔

جناب جعفر شاه: یو جوائنټ دغه به پرې راؤړو، جوائنټ۔

Mr. Speaker: Joint resolution. Next, Call Attention Notice: Mr. Muzaffar Said, MPA, to please move his call attention notice No. 373, in the House. (Not present, it lapses). Mr. Salim Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 405, in the House

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: یو منټ، یو جوائنټ ریزولیوشن به تاسو پخپله ډرافټ کړئ، ټولو نه Sign کړئ او راؤړئ۔

جناب جعفر شاہ: دا به زه ډرافټ کړم، دا خو به زه ډرافټ کړم۔ جناب سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔ (رکن اسمبلی سے) مولانا صاحب! خپل سیټ ته ځه۔ سپیکر صاحب، پرون سوات کښې یو افسوسناکه واقعه شوې ده، د سوات یونیورسټئ سټوډنټان پولیسو په هغوی باندې لنډاکی چیک پوسټ باندې ډیر زیات تشدد کړے دے او هغې کښې بلها سټوډنټان چې دی، هغه زخمیان هم دی او هغوی پرون روډ هم بند کړے وو او زمونږ دې ټولو ممبرانو صاحبانو سره ئې رابطه هم کړې وه نو زما به دا خواست وی چې متعلقه ایجنسیز، سیکرټری صاحب هم دلته تشریف راوړے دے، ناست به وی چې دیکښې د انکوائری اوشی او چې کوم خلق په دیکښې ملوث وی، پولیس چې کوم بې جا تشدد کړے دے چې هغوی ته سزا ورکړې شی او د هغوی تسلی اوشی۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان! آپ نے جعفر شاہ صاحب کی بات سنی ہے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): نہیں جی۔

جناب سپیکر: *اچھا چلو، میں ان کو پھر سے وہ کر دونگا، یہ سوات میں کوئی واقعہ ہوا ہے، آپ بھی اس کو سمجھ لیں گے لیکن جو ہمارے ایم پی ایز کی جو وہ ہیں، میں عارف یوسف صاحب سے وہ کرتا ہوں کہ وہ، مسٹر عارف یوسف، آنریبل پارلیمانی۔۔۔۔۔*

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب! په دې باندې پولیس ډیپارټمنټ ته اووایه چې په هغې باندې انکوائری اوکړی، دا سوات کښې چې کومه واقعه شوې ده، سټوډنټان ئے وهلی دی پولیس په لنډاکی چیک پوسټ باندې، د سوات یونیورسټئ د سټوډنټانو سره ډیر زیات زیاتے شوے دے۔ په هغوی باندې تشدد شوے دے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہں شاہ فرمان خان۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: د پولیس د طرف نه، نو زما به دا ریکویسټ وی چې د هغې انکوائری د وشی خیر دے چې هر څوک په هغې کښې ملوث وی۔

جناب سپیکر: جناب شاه فرمان صاحب! اووایه چې بیا ئې کوؤ۔

وزیراطلاعات: اؤ بالکل، جناب سپیکر! دا ټهیک ده که د چا سره زیاتے شوے وی نو انکوائری کښې څه حرج نه دے ، حقیقت، Facts به مخې ته راشی۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا اسمبلی کے اراکین کی تنخواہیں، مراعات و استحقاقات مجریہ 2014 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Mr. Arif Yousaf, honourable Parliamentary Secretary for Law, to please introduce before the House, the Khyber Pakhtunkhwa Salaries, Allowances and Privileges Laws (Amendment) Bill, 2014. Arif Yousaf.

Mr. Arif Yousaf (Parliamentary Secretary for Law): Thank you, Mr Speaker. On behalf of the honourable Chief Minister, I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Salaries, Allowances and Privileges Laws (Amendment) Bill, 2014, in the Assembly.

Mr. Speaker: It stands introduced.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا اسمبلی کے اراکین کی تنخواہیں، مراعات و استحقاقات مجریہ 2014 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Mr. Arif Yousaf, honourable Parliamentary Secretary for Law, to please move for consideration of the Bill. Arif Yousaf, please.

Parliamentary Secretary for Law: Thank you, Sir. I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move the Khyber Pakhtunkhwa, Salaries, Allowances and Privileges Laws (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration at once.

Ms. Anisazeb Tahirkheli: Janab Speaker! Point of order, point of order-----

Mr. Speaker: Those who are in favour of it, the motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Salaries, Allowances and

Privileges Laws (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Arif Yousaf, 'Consideration Stage'.

Parliamentary Secretary for Law: Thank you, janab Speaker. I-----

Ms. Anisazeb Tahirkheli: Point of order.

Ms. Meraj Humayun Khan: Point of order.

(Pandemonium)

Mr. Speaker: Since no amendment has been moved by any honourable Member in, ji!

Parliamentary Secretary for Law: I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Salaries, Allowances and Privileges Laws (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration.

Mr. Speaker: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Preamble, Long Title and Schedule also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا اسمبلی کے اراکین کی تنخواہیں، مراعات و استحقاقات مجریہ 2014 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Now the honourable Parliamentary Secretary, for Law to please move for passage of the Bill. Honourable Parliamentary Secretary, please.

Parliamentary Secretary for Law: I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014 may be passed.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: یہ ایک اہم پوائنٹ آف آرڈر ہے جناب-----

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Salaries, Allowances and Privileges Laws (Amendment) Bill, 2014 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا وزراء کی تنخواہیں، مراعات واستحقاقات مجریہ 2014 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Mr. Arif Yousaf, honourable Parliamentary Secretary for Law, to please introduce before the House, the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014.

Parliamentary Secretary for Law: Thank you, janab Speaker. I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration at once.

(اس مرحلہ پر بعض اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

Mr. Speaker: It stands introduced.

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا وزراء کی تنخواہیں، مراعات واستحقاقات مجریہ 2014 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Mr. Arif Yousaf, honourable Parliamentary Secretary for Law, to please move for consideration of the Bill.

Parliamentary Secretary for Law: Thank you, janab Speaker. I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 7 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 7 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 7 stand part of the Bill. Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون(ترمیمی) بابت خیبر پختونخواوزراء کی تنخواہیں، مراعات واستحقاقات مجریہ 2014کا پاس کیاجانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Now honourable Parliamentary Secretary for Law to please move for passage of the Bill.

جناب عارف یوسف(پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون): Passage خو او شو کنہ۔ I, on behalf of the honourable Chief Minister, intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Ministers Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2014 may be passed-----

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون: داخو پاس شوے دے کنہ؟

Mr. Speaker: Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

## مسودہ قانون کا متعارف کرایاجانا

## (خیبر پختونخواپریونشن آف کانفلیکٹ آف انٹرسٹ مجریہ2014)

Mr. Speaker: Honourable Parliamentary Secretary for Law, to please introduce before the House, the Khyber Pakhtunkhwa, Prevention of Conflict of Interest Bill, 2014.

Parliamentary Secretary for Law: Thank you, janab Speaker. I, on behalf of the honourable Chief Minister, beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Prevention of Conflict of Interest Bill, 2014, before the Assembly.

نمازاور چائے کیلئے آدھا گھنٹہ بریک۔ Mr. Speaker: It stands introduced. Break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! تاسو جی۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر صاحب، د قومی وطن پارټۍ ملګرو واک آؤټ کړے وو که تاسو مناسب ګنړئ چې یو دوه ملګری لاړ شی په هغوی پسې نو زما یقین دے جی چې-----

جناب سپیکر: نو عاطف خان! تاسو یو دوه کسان ورپسې لاړ شئ، په دغه باندې د سکشن شروع کړو جی۔ سردار حسین صاحب! که تاسو بسم الله اوکړه نو چې دا د سکشن شروع کړو۔

محترمہ زرین ریاض: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ابھی دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں، دو منٹ کیلئے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

(اس مرحلہ پر اراکین واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں تشریف لے آئے)

جناب سپیکر: جی بسم اللہ، ہمارا کورم پورا ہو گیا ہے، جی میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ بنیادی طور پر ابھی جس وقت ہم یہ قانون پاس کر رہے تھے تو میری اس وقت آپ سے استدعا یہ تھی کہ جو پوائنٹ آف آرڈر ہے، اس میں میں بار بار صرف اس بنیاد پر، اس پوائنٹ پر ہم نے واک آؤٹ بھی کیا کہ پوائنٹ آف آرڈر جس وقت بھی آئے، وہ اسمبلی کی کارروائی میں جو بھی ہمارا ضابطہ کار ہے، اس کی Violation یا کم از کم ممبران جو ہیں، وہ اس طرف نشاندہی کر سکتے ہیں جناب سپیکر! باقی آپ کسٹوڈین آف دی ہاؤس ہیں، اس ہاؤس میں آپ ہم سب کے بڑے ہیں اور قانون نے آپ کو بے انتہا Inherent powers دی ہوئی ہیں، ہمیں پتہ ہے کہ آپ جو بھی چاہیں وہ آپ کر سکتے ہیں، فیصلہ کرنا آپ کی صوابدید ہے لیکن اس میں کم از کم میں سمجھتی ہوں کہ ممبر کو اس چیز سے تو Deprive نہ کیا جائے جناب سپیکر! کہ وہ ایک نکتے کو اٹھا بھی نہ سکے۔ جو بل اس وقت پاس ہوا تھا، میرا

مقصد قطعاً اس کے Merits یا اس کی کسی مخالفت یا اس کے حوالے سے نہیں تھا، چونکہ وہ تو بعد میں آنی تھی، اسی بل سے Related جو ایک انتہائی اہم نکتہ ہے، وہ میں رول 82 کے تحت اٹھانا چاہ رہی تھی جو کہ Infractuous ہو گیا ہے، اب اس کو اٹھانا نہ اٹھانا اور وہ پاورز بھی آپ کے پاس ہیں جناب سپیکر! کہ آپ اگر چاہتے تو آپ اس کو Relax کر سکتے تھے لیکن اس کیلئے یہ انتہائی ضروری ہے کہ آپ اس چیز کا برملا اظہار کرتے، آپ کی جو مسند ہے اور آپ کی جو اس وقت ایک پوزیشن ہے کہ آپ اس کا بتاتے کہ بھئی! یہ رولز اس کے تحت آپ نے Relax کئے کیونکہ جب تک یہ کارروائی پوری نہ ہوتی، Must ہے کہ ایک قانون، اور Let's say اگر کسی ممبر کو قانون سازی کیلئے کوئی امنڈمنٹ موو کرنی ہو تو اس کے پاس یہ راستہ ضرور ہونا چاہیئے، ہمیں کبھی یہ تاثر نہیں دینا چاہیئے، میں اس کے Merits یا Demerits کے حوالے سے قطعاً نہیں بات کر رہی، مجھے اس بات کا اندازہ ہے کہ یہ ایک ایسا بل تھا جس کی ایک عرصے سے ڈیمانڈ بھی تھی اور اس میں بہت عرصے سے یعنی اس دوران سرکاری افسران اور ان کی تنخواہوں میں بھی کئی دفعہ تبدیلیاں ہوئیں لیکن ممبران کی کبھی اس لحاظ سے تبدیلیاں نہیں ہوئیں، مجھے اس کی اہمیت کا اندازہ ہے لیکن اس بات سے قطع نظر ہمارا مقصد یہ تھا کہ جب آپ کی طرف اتنی آواز، اتنے واویلے کے باوجود بھی اگر آپ کی نظر کرم ان Back benches پر نہیں پڑتی اور آپ صرف اپنی قریبی نشستوں کی طرف زیادہ، معذرت کے ساتھ کہہ رہی ہوں کہ ہم آپ کو نظر نہیں آتے تو پھر اس کے علاوہ تو ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں ہے کہ ہم اس پر واک آؤٹ کریں۔ بہر حال آپ کا شکریہ کہ آپ نے اپنے حکومتی وفد کو بھیج کر اور ہم اس چیز کیلئے، میں یہ بھی کہتی ہوں کہ جو قانون اس وقت میجارٹی کے ساتھ پاس ہو گیا ہے اس کیلئے مبارک باد بھی سب کو میں دے رہی ہوں کیونکہ میجارٹی ہے، وہ تو کوئی بھی قانون پاس کر سکتے ہیں لیکن اگر یہی قانون ہم پروسیجر کے ساتھ چلتے ہوئے اور اگر اس کو باقاعدہ وہ جو رولز ہیں، اگر آپ نے Relax بھی کرنا تھے تو اس کا اظہار کرتے ہوئے اگر آپ کرتے تو یہ زیادہ بہتر ہوتا اور اس بنیاد پر پھر ہم نے جی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، شکریہ میڈم۔ میڈم! چونکہ ایجنڈے میں میں نے Approve کیا تھا لہذا میں نے قواعد کو Relax کرنے کی اجازت دی تھی اور اسلئے میں نے تمام موشنز شامل کی تھیں اور یہ ہمارا ایک Consensus بھی تھا، ہم نے اس کے اوپر ایک ڈسکشن بھی کی تھی تو Already یہ قواعد جو ہیں، میں نے

Relax کئے تھے، جو ایجنڈا آئٹمز تھے، اچھا ہم ابھی اس پر آتے ہیں، میں سردار حسین بابک صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ بات کریں ایجنڈا پہ۔

## صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر بحث

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، نن د بحث د پاره چې کومه اهم موضوع ده، صوبه کښې ټارګټ کلنګ او بيا بهته خوری او بيا په مجموعی توګه باندې د صوبې د بد امنئ چې کوم صورتحال دے سپيکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: معززاراکین کی یہ ریکویسٹ ہے کہ اگر اردو میں بولیں تو مہربانی ہو گی۔

جناب سردار حسین: اچھا چلیں ٹھیک ہے، میں کوشش کرونگا۔ سپیکر صاحب، جو انتہائی اہم موضوع ہے، صوبے میں بدامنی کا، ٹارگٹ کلنگ کا اور بھتہ خوری کا اور کافی سارے اجلاسوں میں ہم اسی مسئلے پر جو تفصیلی بحث ہے، وہ بھی ہم کر چکے ہیں اور جو ہماری تجاویز تھیں، وہ بھی ہم نے کوشش کی ہے اور ہم کوشش کرتے چلے آرہے ہیں کہ حکومت کے سامنے جو اپنی تجاویز ہیں، اس مسئلے کے مستقل حل کیلئے وہ حکومتی بھائیوں کے سامنے رکھیں۔ بدقسمتی سے یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ ہمیں لگ رہا ہے کہ یہ خدانخواستہ، خدانخواستہ نہ حل ہونے والا مسئلہ نظر آرہا ہے اور یہ بھتہ خوری کا جو لفظ ہے، یہ پہلے ہم سنتے تھے، کراچی میں اس طرح کے واقعات ہوتے تھے اور ہمارے صوبے کے علاوہ ملک کے دیگر صوبوں میں اس طرح کے واقعات جو تھے، وہ ہم سنتے تھے، اخبارات میں دیکھتے تھے، ٹی وی پر دیکھتے تھے لیکن پچھلے ایک سال سے پشاور میں اور پھر یہ مسئلہ ہمارے صوبے میں پھیلتا گیا، بدقسمتی سے 25 اضلاع میں گاؤں تک یہ مسئلہ جو ہے، ابھی پہنچ گیا ہے۔ اسی طرح ٹارگٹ کلنگ، دن دھاڑے لوگ آجاتے ہیں اور بازاروں میں گھروں کے سامنے، جو ہمارے تاجر ہیں یا جو ہمارے نوکر پیشہ لوگ ہیں، خصوصاً جو ہمارے ڈاکٹرز ہیں، خواہ وہ پشاور میں ہیں یا صوبے کے دیگر اضلاع میں ہیں، دیگر حصوں میں ہیں اور اسی طرح جو ہمارے صحافی ہیں، جو ہمارے مذہبی سکالرز ہیں، اگر میں یہ کہوں کہ بدقسمتی سے میرے صوبے میں ہر مکتبہ فکر کے جو لوگ ہیں، اسی کینسر سے متاثر ہیں اور یہ رجحان یا یہ مسئلہ جو ہے، یہ روز بروز بڑھتا چلا جارہا ہے اور عجیب منطق یہ ہے کہ اس سارے کھیل میں یا اس

ساری گیم میں جو موبائل کی سمز استعمال ہوتی ہیں، وہ افغانستان کے نمبر ز استعمال ہوتے ہیں، ہمارے ٹرائبل بیلٹ سے ٹیلی فون ہوتے ہیں اور ہم میں سے اکثر جو ہم پارلیمنٹیرین ہیں، پولیٹیکل لوگ ہیں، Elected لوگ ہیں، حکومتی لوگ ہیں، ان کو بھی ٹیلی فون آتے رہتے ہیں اور پھر ہمارے صوبے کی تو یہ ایک روایت بھی ہے کہ بہت سے واقعات اس طرح ہو جاتے ہیں کہ چپکے چپکے لوگ جا کر ان کو پیسے دے دیتے ہیں یا اپنے آپ کو خاموش رکھتے ہیں اور اسی میں بہتری سمجھ لیتے ہیں کہ کسی کو نہ پتہ چلے، شاید وہ Relax ہوں اور ان کا کوئی مسئلہ حل ہو۔ سپیکر صاحب، میں ہر گز یہ نہیں کہونگا کہ حکومت نے اس طرف کوئی کوشش نہیں کی ہو گی لیکن جو حکومتی لوگ ہیں، وہ اس چیز پر ہمارے ساتھ ضرور اتفاق کرینگے کہ جو ہمارا صوبہ ہے، پچھلے ایک سال میں ہمارے صوبے سے اتنے لوگ اسلام آباد اور پنڈی ہجرت کر گئے ہیں کہ آج میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہتا ہوں کہ آج راولپنڈی اور اسلام آباد ملک کے پختون اکثریتی شہر بن گئے ہیں اور یہ وہاں کا ڈیٹا بتا رہا ہے، یعنی اتنے پختون راولپنڈی اور اسلام آباد ہجرت کر گئے ہیں کہ راولپنڈی اور اسلام آباد کو آج سارے پاکستان کے لوگ پختون اکثریتی شہر کہہ رہے ہیں اور لوگ تنگ آ چکے ہیں اور اس حد تک ان لوگوں کو معلومات ہیں کہ Suppose انہوں نے کسی کو ٹارگٹ بنانا ہو تو ان کے بارے میں معلوم ہے، ان کے بچوں کے بارے میں معلوم ہے، ان کے خاندان کے بارے میں معلوم ہے، ان کے اکاونٹس کے بارے میں معلوم ہے، ان کی موومنٹ کے بارے میں معلوم ہے اور پھر ہم یہاں پر حیران رہ جاتے ہیں کہ جو ہماری انٹیلی جنس ایجنسیاں ہیں یا جو ہماری سیکورٹی کی ایجنسیاں ہیں، آخر ان کا کیا کام ہے؟ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ اتنے عروج پر، اتنی Peak پر چلا گیا ہے کہ آج اس مسئلے کیلئے یہ جواز ڈھونڈنا کہ اس میں بیرونی ہاتھ ملوث ہیں، اس میں فلاں ملوث ہے، اس میں فلاں ملوث ہے، اپنی قوم کو تحفظ دینا، شہریوں کو تحفظ دینا یہ ریاست کی ذمہ داری ہے اور سارے ریاستی اداروں نے یہ ذمہ داری قبول کرنی ہے اور میرے خیال میں آج پاکستان کے شہریوں پر بالعموم اور ہمارے صوبے خیبر پختونخوا کے شہریوں پر بالخصوص یہ پابندی نہیں لگنی چاہیئے کہ ہم نے فلاں ادارے کی اس میں بات نہیں کرنی ہے اور ہم نے فلاں ادارے کی اس میں بات نہیں کرنی ہے، دیکھیں پاکستان کے جتنے بھی یہ ادارے ہیں، ہمارے لئے محترم ہیں، یہ پاکستان کی سلامتی کیلئے لڑ رہے ہیں، شہادتیں دے رہے ہیں، ہماری تو یہی التجاء ہے کہ اتنے عرصے کے بعد، اتنا عرصہ ہو گیا ہے، قوم

تقسیم ہو گئی ہے، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ بھئی! ان کے ساتھ لڑنا چاہیئے، کچھ کہتے ہیں کہ نہیں ان سے نہیں لڑنا چاہیئے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ ان لوگوں کے ساتھ مذاکرات ہونے چاہئیں، بعض لوگ کہتے ہیں کہ نہیں ان کے ساتھ مذاکرات نہیں ہونے چاہئیں، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اب یہ ڈائیلاگ جو ہے اور یہ مذاکرات جو ہیں، یہ ختم ہونے چاہئیں، ہمیں تو مثال دینی چاہیئے کہ ہمارے پڑوس میں بھی ایک ملک ہے، ہندوستان، جس میں One billion آبادی ہے، وہاں پر تو ہم نے نہیں دیکھا کہ وہاں پر گرجا گھروں میں جا کر Suicide bombers جو ہیں، وہ اپنے آپ کو اڑاتے ہیں، ہم نے تو وہاں پر نہیں دیکھا کہ وہاں پر کوئی آکر سکولوں کو اڑا رہا ہے، ہم نے وہاں نہیں دیکھا کہ وہاں پر جو فوجی جوان ہیں یا جو کرنلز ہیں یا جرنلز ہیں یا جو آفیسرز ہیں، ان کو شہید کر رہے ہیں، ایسا نہیں ہے سپیکر صاحب! نہیں، وہاں بھی مسلمان ہیں، ہندوستان میں ہم سے زیادہ مسلمان ہیں سپیکر صاحب! یہ ملک کے ریاستی اداروں کیلئے کوئسچن مارک ضرور ہے اور ریاستی اداروں کو ان چیزوں پر سوچنا چاہیئے، سوچنا کہ تیس پینتیس سال سے یہاں پر امن کا قیام جو ہے، مستقل قیام جو ہے وہ یقینی نہیں ہو رہا تو یہ ذمہ داری کس کی ہے؟ یہ تو ریاست کی ذمہ داری ہے، آج اگر ہم یہ کہیں اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے میں ساری قوم جو ہے، 22 کروڑ عوام ہیں یا جو 19 اور 20 کروڑ عوام ہیں، ہم سب اپنے سیکورٹی اداروں کے ساتھ ہیں، شانہ بشانہ ہیں لیکن ان اداروں نے ہمیں یہ تو کم از کم بتانا ہے کہ یہ دشمن اتنا طاقتور ہے جس کا ہم مقابلہ نہیں کر سکتے اور پھر کہتے ہیں کہ بعض چیزوں پر ڈسکشن نہیں ہونی چاہیئے، عجیب منطق ہے، بھائی! قوم کو بتاؤ کہ کون ہیں؟ اور یا خدانخواستہ، میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ پارلیمان کے اندر جتنے لوگ بیٹھے ہیں، قومی اسمبلی میں جتنے لوگ بیٹھے ہیں اور سینیٹ میں جتنے لوگ، ملک کی چاروں صوبائی اسمبلیوں میں جتنے لوگ بیٹھے ہیں، سب کی یہ خواہش ہے اور یہ کوشش بھی ہے کہ اس ملک میں امن ہو، پھر اس قوم کو بتانا چاہیئے کہ ملک کے اندر وہ کونسی قوتیں ہیں جو اس ملک میں امن نہیں چاہتیں؟ یا خدانخواستہ، خدانخواستہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ 22 کروڑ عوام جو ہیں، وہ چندہ کر لیں گے اور اپنے اس ملکی دشمن کو اور قومی دشمن کو شکست دینے کیلئے ہر فرد ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہے لیکن یہاں پہ تو ڈرامے ہو رہے ہیں اور میں مثال دے سکتا ہوں کہ یہ ہماری یہاں پہ ایسی مذہبی اور سیاسی جماعتیں ہیں، جب یہ شکاری لوگ شکار کیلئے جاتے ہیں اور پرندوں کو مارتے ہیں تو ایک لوگ وہ ہوتے ہیں جو مارنے والے ہوتے

ہیں، ان مارنے والوں کے ساتھ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو پرندوں کو اڑا رہے ہوتے ہیں تاکہ ان کو اٹھائیں، ہمارے ملک میں بدقسمتی سے ایسی مذہبی اور سیاسی جماعتیں ہیں جو قوم میں وحشت اور دہشت پھیلا رہی ہیں، اب ساری قوم کو ایک Page پہ آنا چاہیئے۔ دیکھیں کل کا جو واقعہ ہے، کتنا افسوسناک واقعہ ہے، کتنا افسوسناک ہے اور یہ سوچنا چاہیئے کہ آج ہمارے فوجی جو ہیں وہ محفوظ نہیں ہیں اور میں کس کس طبقے کا نام لوں گا، ملک کا کوئی ایسا طبقہ نہیں ہے جو محفوظ ہو، پتہ نہیں کہ ہم کس مصلحت کا شکار ہیں؟ دیکھیں وطن ہوگا، امن ہوگا تو میرے خیال میں ہم گیم کھیلیں گے، کوئی حکومت میں آئے گا کوئی اپوزیشن میں آئے گا اور جب اس ملک میں امن ہی نہیں ہوگا تو پھر تو بہت مشکل ہے سپیکر صاحب! اسلئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ وقت آگیا ہے کہ ساری پولیٹیکل فورسز کو 'اگر مگر' سے شف شف سے اور Ifs and buts سے نکلنا ہوگا اور Straightaway کہنا ہوگا کہ جو اس ملک کا دشمن ہے، خواہ کوئی ان کا ساتھ دے رہا ہے، خواہ وہ بیرونی ہاتھ ہے خواہ اندرونی ہاتھ ہے، ہم سب نے اس مٹی کے ساتھ اس ملک کے ساتھ یہ وعدہ کرنا ہوگا کہ ہم نے اس دشمن کو دشمن کہنا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ دن جو ہے، وہ امن کا پہلا دن ہوگا لیکن اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ توفیق دے اور یہ ہمت دے۔ سپیکر صاحب، میں یہاں پہ ہر گز مرکزی حکومت کے خلاف یہ بات نہیں کرونگا اور پنجاب کے بھی خلاف یہ بات نہیں کروں گا لیکن ملک میں ایک سوچ ایسی بن گئی ہے کہ پنجاب جو ہے وہ مقدس سرزمین ہے، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ پاکستان پنجاب ہے اور پنجاب پاکستان ہے، یہ سوچ جو ہے یہ پاکستان کو مزید کمزور کردے گی، مضبوط وفاق جو ہے، مضبوط وفاق مضبوط پاکستان کا ضامن نہیں ہو سکتا، مضبوط Federating units جو ہیں، وہ مضبوط پاکستان کے ضامن بن سکتے ہیں، اسلئے اس سوچ کو ختم کرنا ہوگا، پنجاب کو پاکستان اور پاکستان کو پنجاب تصور کرنے والے اپنی سوچوں کا Revisit کر لیں، Revival کر لیں۔ آج ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ بلوچستان میں بغاوت ہے، آج ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ کراچی جل رہا ہے، پختونوں کا تو کوئی حال ہی نہیں ہے، ہمارے پڑوس میں جو ٹرائبل بیلٹ ہے، وہ بیچارے تو پتہ نہیں کونسے قانون کے تحت رہ رہے ہیں، کونسے قانون کے تحت وہ لوگ رہ رہے ہیں؟ ہزاروں کی تعداد میں قبائلی مشران کو ذبح کر دیا گیا ہے، ذبح، ان کا قصور صرف یہ ہے کہ وہ پختون ہیں، سپیکر صاحب! آج ملک کے حکمرانوں کو یہ سوچنا ہوگا اور پھر یہ Contempt اب ان اداروں کے زمرے میں نہیں آنا

چاہیئے،اب یہ کیا بات ہوئی کہ ہم مقابلہ ہندوستان سے کر رہے ہیں، ہم اپنے ملک کو ترقی کا ماڈل بنا رہے ہیں، ہم ایٹمی قوتیں بنا رہے ہیں، ہم دفاع پہ اربوں کھربوں روپیہ خرچ کر رہے ہیں اور ہم اپنے شہریوں کو تحفظ نہیں دے سکتے، تو میرے خیال میں یہ ہمارے ملک کیلئے بھی اور ہماری منتخب حکومتوں کیلئے بھی کوئی نیک شگون نہیں ہے۔ سپیکر صاحب، یہ پوچھنا بڑا آسان کام ہے کہ یہ خود کش جیکٹس کہاں بنتی ہیں، آسمان سے آتی ہیں،Suicide bombers کیلئے ان جوانوں کو، بچوں کو تیار کرنا یہ کدھر ہو رہا ہے، یہ انسان نہیں ہیں، یہ تھکتے نہیں ہیں، ان کو کھانے کی ضرورت نہیں ہے، ان کو پیسہ کہاں سے مل رہا ہے، ان کو فنڈنگ کہاں سے ہو رہی ہے؟ اور یہ تو ملک کے اندر ہیں، سیٹلڈ ایریاز میں ہوں یا ٹرائبل بیلٹ میں ہوں سپیکر صاحب! آج صوبے کے عوام ان سارے کوئسچنز کے جواب مانگ رہے ہیں، یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ان سارے سوالوں کے جواب دے۔ ہمارے صوبے کی تو یہی حالت ہے، ہم نے ہمیشہ اپنی پولیس کو Militancy کے اس سارے Era میں انکی Contribution کو سراہا ہے اور ہم آج بھی سراہ رہے ہیں، ہم نے اپنی حکومت میں کوشش کی، انکی تنخواہیں بڑھائیں، Logistically ان کو Equipped بھی کیا ، جتنا ہم سے ہو سکا ہے وہ ہم نے کیا اور ہم حکومت سے بھی یہ مطالبہ کریں گے کہ جتنا ہو سکے ان کی Capacity building میں کام کرے، انکو Logistically equipped کرے، انکی تنخواہیں بڑھائے، انکی مراعات میں اضافہ کر دے لیکن دن دھاڑے ٹارگٹ کلنگ کا اس حکومت میں جو اضافہ ہوا ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ پچھلی کسی بھی حکومت میں اتنا اضافہ نہیں ہوا تھا۔ سپیکر صاحب، میری یہ بھی گزارش ہو گی کہ سارے صوبے میں موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پہ جب تک، اللہ کرے کہ یہ حالات صحیح ہوں لیکن جب تک یہ حالات صحیح نہ ہوں، مکمل طور پر اس پہ پابندی لگانی چاہیئے۔ صوابی میں، پشاور میں، نوشہرہ میں جہاں بھی آپ جائیں پولیس والے بیچارے کھڑے ہوتے ہیں، دو لوگ دن میں آجاتے ہیں 'ڈز ڈز' ان کو مار جاتا ہے اور چلے جاتے ہیں، پتہ ہی نہیں چلتا۔ سپیکر صاحب، صرف حکومت کی طرف سے اخبارات میں بڑے بڑے اشتہارات دینے سے کام نہیں چلے گا، حکومت کی طرف سے یہ کہنا کہ ہم نے پولیس کو Depoliticize کیا ہے، اس سے کام نہیں چلے گا۔ دیکھیں جہاں بھی Political will ہو گی تو یہ کام چلے گا اور ہمیں امید ہے ان شاءاللہ کہ پولیس کا مورال بڑھانے کیلئے، اٹھانے کیلئے حکومت نے خود

آگے آنا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ صرف حکومتی مسئلہ نہیں ہے، ہم اپوزیشن اس کے ساتھ ہیں لیکن ہم نہیں دیکھ رہے ہیں کہ لاء اینڈ آرڈر یا جو بدامنی کا مسئلہ ہے، یہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، ہم نے کبھی یہ محسوس نہیں کیا ہے، میں ماضی میں، ماضی کے پس منظر میں سپیکر صاحب! بالکل نہیں جاؤنگا لیکن اس مسئلے کیلئے ضرور جو ہمارے پڑوسی ملک ہیں، خواہ وہ ہندوستان ہے، خواہ وہ ایران ہے، خواہ وہ چین ہے اور خواہ جو ہمارا برادر ملک افغانستان ہے، ملک کیلئے ضروری ہے کہ ان پڑوسی ممالک کے ساتھ بھائی چارے والے انتہائی دوستانہ تعلقات کی بحالی جو ہے وہ انتہائی اہم ہے۔ پاکستان کا ان ممالک پہ شک ہے، عدم اعتماد ہے اور ان ممالک کا پاکستان پہ عدم اعتماد ہے، شک ہے، شکوک ہیں، سپیکر صاحب! ملک کے حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ پڑوسیوں کے عدم اعتماد کو اعتماد میں بدل دیں، ان کے اگر ہمارے اوپر کچھ شکوک ہوں تو سفارتی طور پہ بیٹھ کے یہ شکوک و شبہات اور یہ جو عدم اعتماد کی فضاء ہے، اس کو ختم کرنا ہوگا اور اعتماد والی فضاء کو بحال رکھنا ہوگا اور سپیکر صاحب، پہلے تو لوگ کہتے تھے کہ یہ جو یہاں پہ Militancy ہے یا جو دھماکے ہیں، یہ تو ڈرون کا ردعمل ہیں، آج ان لوگوں کو قوم کو جواب دینا ہوگا کہ ڈرون تو ابھی نہیں ہیں تو کیوں شدت پسندی ہے؟ ڈرون تو کتنے مہینے ہو گئے ہیں کہ ڈرون بند ہیں پھر یہ ٹارگٹ کلنگ اور یہ دھماکے بند کیوں نہیں ہو رہے، اغواء برائے تاوان کیوں نہیں بند ہو رہے ہیں؟ سپیکر صاحب، ہم قبائلی علاقوں سے Administratively لاتعلق ضرور رہ سکتے ہیں لیکن Directly impact آخر جو ہے وہ ہمارے صوبے پہ ہے، اسلئے صوبائی حکومت کو مرکزی حکومت کے ساتھ اور پھر ہماری خوش قسمتی بھی ہے کہ جو ہمارے صوبے کے گورنر صاحب ہیں، وہ یہاں لیڈر آف دی اپوزیشن رہے ہیں، میرے خیال میں حکومت کو ٹائم ٹو ٹائم ان کے ساتھ بیٹھ کے جو جو مشکلات ادھر سے آ رہی ہیں یا ادھر سے ادھر ہو رہی ہیں، ان چیزوں کو Tackle کرنا وہ ضروری ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا لیکن اگر حکومت کا یہ خیال ہو کہ ہم Militancy کے اس مسئلے کو، ایک سال تک حکومت نے چپ سادھ لی ہے اور ان لوگوں کا یہ خیال ہو

کہ ہم Militants یا Militancy پہ بات نہیں کریں گے تو میرے خیال میں یہ قوم کے ساتھ تحریک انصاف کی انتہائی زیادتی ہو گی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! ہمیں۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، میں نے تو آپ کی وجہ سے اردو میں بات کی ورنہ میرے لئے بہت مشکل ہے سر۔ (قہقہے) سپیکر صاحب، دوه درې خبرې به پښتو کښې اوکړم، که د حکومت دا خیال وی چې مونږ به په د هشتگردئ باندې خبره نه کوؤ او مونږ به بچ پاتې شو، الله د ئې بچ پاتې کړی او الله د دا ټول قوم بچ پاتې کړی، آمین، زمونږ دعا دا ده خو داسې نه ده سپیکر صاحب! د هغوی نه مذهب شته، هغوی نه د انسانیت په رشته دی، هغوی هیڅوک نه پریږدی، هغوی ماشومان نه پریږدی، هغوی بزرگان نه پریږدی، هغوی مذهبی مشران نه پریږدی، هغوی سیاسی لیډران نه پریږدی، هغوی هیڅوک نه پریږدی، هغوی په دې وطن باندې خپله قبضه کول غواړی۔ سپیکر صاحب، پکار دا ده مونږ به دې حکومت ته دعا کوؤ او مونږ ورسره یو، الله د ورله همت ورکړی او زه به پرې یو خبره سپیکر صاحب! بله اوکړم چې زمونږ صوبه چې ده، دا ډیره بې چینی ده، ډیره زیاته بې چینی ده، ستاسو د خپلې صوابئ نن تپوس تاسو اوکړئ چې ډیر سپین روبی خلق، مشران خلق، خاندانی خلق، صاحب استطاعت خلق سپیکر صاحب! هغوی د پلار نیکه وطن پریښودو، کورونه ئې پریښودل، کلی ئې پریښودل، دا داسې سنجیده مسئله ده چې نه مونږ په دې باندې پولیټیکل سکورنګ کوؤ سپیکر صاحب! خو دا ډیره اهمه مسئله ده او د ډاکټرانو خو نن سبا سپیکر صاحب! دا حال دے چې په ژړا ژاړی، په ژړا، پکار دا ده چې دا دلته ثومره پیشه ور خلق په دې پیښور کښې، دا که ډاکټران دی، دا که نور افسران دی، پکار دا ده چې حکومت یو کمیټی جوړه کړی د هغې ډاکټرانو یا د هغه صاحب استطاعت خلقو، د تاجرانو، هغوی سره کښینی، هغوی سره میټنګونه اوکړی، ثنګه چې د هغوی حوصله افزائی کیږی، ثنګه چې د هغوی دادرسی کیږی، ثنګه چې هغوی سره تجاویز وی، پکار دا ده چې هغوی ته دا محسوسه شی چې واقعی حکومت شته او زمونږ د تپوس ثوک شته، نو زما یقین دے ډیره مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: ډیرہ مہربانی، ډیرہ مہربانی، ډیرہ مہربانی۔ میډم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ انتہائی اہم موضوع ہے اور یہ ہم خاص طور پر جب یہ ریکوزیشن کر رہے تھے تو اپوزیشن نے اس نکتے کو بہت اہم گردانا، حالانکہ پچھلی اسمبلی میں، پچھلے سیشنز میں یہ ڈسکشن ہو چکی ہے لیکن بابک صاحب نے Almost پورا ایک Overview دے دیا۔ میں جناب سپیکر! صرف اس بات پہ جاؤں گی، شکر الحمداللہ اب ہمارے ہوم سیکرٹری صاحب بھی یہاں پہ بیٹھے ہیں اور آئی جی پی صاحب بھی، ٹیم بہترین ہے اور انہوں نے، کافی بہتری کی طرف گامزن ہیں، بہت سی پریکٹسز ہیں لیکن جو Political backing چاہیئے جناب سپیکر! I think the Chief Minister should have been there کیونکہ وہی اس وقت ہوم منسٹر ہیں اور ان کو اس ڈیبیٹ میں یہاں پہ ہونا چاہیئے تھا، مجھے افسوس ہے اپوزیشن بھی شاید لیٹ ہو گئی ہے اور ٹریژری بنچز کو میں اس وقت پوائنٹ آؤٹ نہیں کر سکتی کیونکہ Technically possible نہیں ہو گا لیکن اتنی اہم چیز کو اتنا Non serious لینا It`s not the right thing، بہت سے ممبران تو چلیں انہوں نے درخواستیں دیں کچھ وجوہات کی وجہ سے لیکن باقی ممبران کو اس ڈیبیٹ کیلئے یہاں پر ہونا چاہیئے تھا اور وہ آکر نہ صرف اس میں Participate کرتے بلکہ اس کو سنتے بھی۔ جناب سپیکر، امن جو ہے ہم سب کا مطمع نظر ہے، ہم سب کی امن کیلئے ایک کوشش ہے، ایک جستجو ہے لیکن یہ آج تک سمجھ نہیں آرہی کہ امن کون لائے گا؟ امن کیا صوبائی، لاء اینڈ آرڈر صوبائی سبجیکٹ ہے؟ Counter terrorism strategy مرکز کے پاس ہے، پشاور یا جتنے بھی ہمارے اہم علاقے ہیں جو اس وقت ہم سمجھتے ہیں کہ Vulnerable ہیں، وہ تمام ٹرائیبل بیلٹ کے ساتھ Adjacent ہیں، آپ کے Across جو ٹرائبل بیلٹ اور آپ کے Settled areas میں Infiltration ہے اور ان کی آمد و رفت کے اوپر جس طرح بیماریوں کی روک تھام نہیں ہے، اسی طریقے سے جو Terrorist ہیں، ان کیلئے بھی میں سمجھتی ہوں کہ بہت آسانی ہے۔ گزشتہ سے میرا یہ ہے، شاہ فرمان صاحب نے، مجھے یاد ہے کہ ڈیبیٹ وائنڈاپ کی تھی اور بڑی ایشورنسز دی تھیں، اس کو Sum up کیا، بس اس اجلاس کے ختم ہونے کے بعد آج تک ہمیں پتہ نہیں کہ ان ڈیبیٹس کے حوالے سے جو Out come آیا، اس پر کیا فیصلے ہوئے، گورنمنٹ ان ڈیبیٹس میں جو

Recommendations ممبران کی طرف سے آرہی ہیں، ان پر کیا فیصلے کر رہی ہے؟ یا ظاہر ہے Simplyاس کو کہہ رہے ہیں ہماری جو بیوروکریسی ہے، وہRecommendationتو اپنی طرف سے اس حد تک جاسکتی ہیں لیکن جب تک Political will اور اس کے اندر Political Determination نہیں ہوتی، اس وقت تک آپ وہ فیصلے، اس طرح ان کا اطلاق نہیں ہو سکتا، ہم پھر انہی باتوں کا واویلا کریں گے کہ دھماکے شروع ہوگئے، سابق ناظم پر، تاجر اور بجلی کے ٹاور اور پھر اس کے بعد جو یہاں پر لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن میں خاص طور پر افواج پاکستان، اس کے افسران نشانہ کی زد میں ہیں، ہم اپنے شہیدوں کو خراج تحسین پیش کردیں گے، اسی ٹرائیبل ایریا میں باجوڑ کے اوپر ہمارے بارڈر کی دوسری طرف سے حملے ہو رہے ہیں، پھر آپ کے صوبے میں ایکApex committeeہے، Apex committee کی میٹنگز کی خبریں بھی اخبار میں دیکھیں لیکن ان کی کس طرح آپس میں کوآرڈی نیشن ہے، کیا ہو رہا ہے اور اس کے تدارک کیلئے کیا ہو رہا ہے؟ ہمیں پہلے Informally بتایا گیا تھا کہ پشاور اور اس کے گردونواح کے علاقے ہیں، ان میں Coming strategyشروع کی ہے تاکہ کچھ ایریا کے زون بنا کر ان میں ایک باقاعدہ سرچ آپریشن ہے لیکن پتہ نہیں کہ اس کے نتیجے میں کیا چیز سامنے آرہی ہے اور جو Counter terrorism strategy adopt کی گئی ہے، اس کا کیا ریزلٹ نکلا ہے؟ جناب سپیکر، ہم سمجھتے ہیں کہ مسائل بہت زیادہ ہیں اور آپ کی لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن اس وقت تک بہتر نہیں ہو سکتی جب تک کہ صوبے کی اکنامک سیچویشن صحیح نہیں ہوگی کیونکہ Not gold but only a man can make a nation great and strong جناب سپیکر! ہم نے عوام کو، وہی ہماری فرنٹ لائن کا ڈیفنس ہیں اور پھر جوLaw Enforcement Agencies ہیں، وہ ہماراBack upہیں، ان کو ہم نے کس حد تک اس کے اندرInvolveکیا ہے، کس حد تک ہم نے واقعی ان کیلئے جس طرح بتایا، آج بھی یہ مسائل ہیں کہ آپ کی جوPillion ridingہے جو ایک موٹر سائیکل پر دو افراد ہیں، وہ بہت سے مسائل کا باعث ہیں، کالی شیشوں والی گاڑیاں آج بھی اتنے ہی مسائل کا باعث ہیں، اگر وہ بغیر لائسنس یا Permission کے ہوں اور میں اپنے آپ کو سمجھتی ہوں کہ ہم ہی لوگ جو Public representativesہیں جنہوں نے پہلے اپنے اوپر یہ لاگو کرنا ہے تاکہ عوام بھی اس کوFollowکریں

اور اس کیلئے یہ ضروری ہے۔ آپ نے دیکھا کہ مانسہرہ میں جو زیادتی کا واقعہ ہوا، وہ بھی کالے شیشوں والی گاڑی، آپ کے بہت سے ایسے جو Terrorism کے واقعات ہوئے، وہ بھی کالے شیشوں والی گاڑیاں، جناب سپیکر! پھر جو زیادہ Worrying چیز ہے کہ یہاں سے بزنس مین نکل رہا ہے، آپ کے Intellectuals یہاں سے جا رہے ہیں جن کو کسی نہ کسی وجہ سے انتہائی مسائل درپیش نہ ہوں کہ ان کا یہاں رہنا یا ان کے اتنے Strong tiles ہوں، میرا خیال ہے کہ جو باقی لوگ ہیں، وہ اپنے لئے اور Safe haven ڈھونڈ رہے ہیں، اسلام آباد جا رہے ہیں، لاہور جا رہے ہیں، کراچی جا رہے ہیں، باہر ملک جا رہے ہیں، آپ کا جو بزنس کیپیٹل ہے، وہ یہاں سے Fly ہو رہا ہے، لوگ Investment نہیں لا رہے تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ تمام چیزیں تب ہیں جب ہم وہ دیں، ٹھیک ہے آئی جی صاحب، I must salute him، بہت اچھے طریقے سے وہ اپنی جان جو ہے، وہ پورے صوبے کے تمام کارنرز پر جا رہے ہیں لیکن کیا اب تک وہ اپنے تمام Objectives کو Achieve کرنے میں کامیاب ہوئے؟ ان کا اب کافی ٹائم ہو گیا، ہمیں یہ پتہ ہونا چاہیئے کہ پولیس کیلئے جو ہم لوگوں نے ڈیمانڈ کی تھی اور جو گورنمنٹ نے اپنے پلان میں لکھا تھا کیا ان کو وہ Equipments provide ہو گئے، کیا ان کو صحیح اسلحہ، کیا Night vision، کیا بلٹ پروف جیکٹس، کیا ان کو وہیکلز کیلئے پٹرول، کیا ان کو بم ڈسپوزل Facilities، کیا ان کو روبوٹس، آکسیجن سلینڈرز یا وہ Outfits جو ہاتھ سے وہ بم کو Defuse نہ کریں، کیا وہ چیزیں مل گئیں، کیا انوسٹی گیشن پراسیس اب صحیح Intact ہے، کیا حکومت اس سے مطمئن ہے کہ تحقیقات کا جو انہوں نے ایک Outfit بنایا، وہ اپنی جگہ پہ آچکا ہے اور وہ پراسیس کس حد تک Strengthen ہوا، کہاں کہاں پہ Forensic Science Labortries نئی شروع ہوئی ہیں؟ ہوم منسٹر صاحب کو یہ ہمیں بتانا چاہیئے کہ وہ جو Campaign ہے Crime Scene preservation کی کہ Crime Scene جو ہے اسکی Preservation میں ایکسپرٹ کی Immediate availability، اس کی Campaign آپ نے کس حد تک کی، کہاں پہ آپ نے Out of the way جا کر اس کو اٹھایا اور پھر خاص طور پر جو نئے لاز آپ نے متعارف کرائے ہیں، K.P Hotels Restriction Security Ordinance, 2014ء یا اس کے ساتھ جو دوسرے، اس سے کتنے ہمیں فائدے ہوئے ہیں جناب سپیکر؟ That we need to

see، شہداء پیکج، مجھے پتہ ہے انشورنس ملی ہے، سی ایم صاحب نے بھی دی ہے، 70 ہزار سے زیادہ سیکورٹی 'پرسنل' نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، ہم ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں لیکن آج بھی ان کے لواحقین بہت سے مسائل کا شکار ہیں اور جناب شاہ فرمان صاحب نے Last debate کو وائنڈ اپ کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام مسائل عوامی نمائندوں کی شمولیت کے ساتھ حل ہوں گے، ہمیں تو اس کے بعد کوئی بریفنگ نہیں ملی، کئی مرتبہ، پچھلی بحث، اس سے پچھلی بحث، ہر دفعہ کہا کہ 'ان کیمرہ' بریفنگ ہوگی، آپ بتائیں جناب سپیکر! کتنی مرتبہ وہ 'ان کیمرہ' بریفنگ ہوئی جس میں ہم نے کہا کہ صرف آئی جی پی صاحب نہیں، صرف ہوم سیکرٹری صاحب نہیں، آپ کی Appex committee ہے، وہ آکر بریف کرے، ہماری ایجنسیز کے جو Representatives ہیں They should be there اور فیڈرل گورنمنٹ کے لیول پر بھی ہمیں آکر یہاں پر بتایا جائے۔ جناب سپیکر، آج ہم لوگوں کیلئے بہت سے مسائل ہیں، War کا رقص ہے، ہم دنیا کے دس خطرناک ترین شہروں میں شمار ہو رہے ہیں، آپ نے دیکھا ہوگا کہ 26 مئی کی یہ رپورٹ تھی کہ پشاور ان دس خطرناک ترین شہروں میں شامل ہے، ہمیں سمجھنا چاہیئے گو کہ یہاں بھتہ اور پرچی مافیا جو ہے وہ اس وقت سرگرم ہے لیکن ایک طرف وہی جو ہمارے Prescribed outfits ہیں، وہ ایک طرف اس کو Deny بھی کر رہے ہیں، انہوں نے بیان بھی دیا، متاثرہ لوگوں کو اپنا ایک نمبر بھی جاری کیا کہ ہم نہیں ہیں، ہمارے Cover میں اور لوگ لگے ہوئے ہیں تو یہ جو Criminals کا پورا ایک مافیا ہے جناب سپیکر! We need to take stock of that میں، مجھے پتہ ہے کہ آپ پھر اس وقت گھڑی کی طرف بھی دیکھ رہے ہیں اور مجھے بھی احساس ہے تو میرا مقصد ہے کہ لاء اینڈ آرڈر سیچویشن یہ اس وقت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں میں۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: تک Improve نہیں ہو سکتی جناب سپیکر، جب تک گورنمنٹ، آپ کی اسمبلی اور ہماری ایجنسیز، جتنی بھی Law Enforcement Agencies ہیں، یہ آپس میں ایک Unity کے ساتھ نہ کریں ورنہ پھر میں یہ سمجھتی ہوں کہ جو بابک صاحب نے اس کی ایک جھلک بتائی

ہے Repercussion کی That we must all keep in mind اور ہمارے لئے یہاں سے لوگو ں کا جانا جو ہے، ہمیں اس سے مزید مسائل درپیش ہوں گے۔

جناب سپیکر: شکریہ میڈم۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: یہ آپ نے بہت اچھا نکتہ اٹھایا ہے اور اس پہ ہماری ایک میٹنگ بھی ہو چکی ہے، آئی جی پی صاحب نے بھی ریکویسٹ کی تھی کہ میں پورے پارلیمانی جو لیڈرز ہیں ان کو بریفنگ دینا چاہتا ہوں۔ جو آپ نے اس میں Suggestions دی ہیں کہ مزید بھی اس میں جو متعلقہ لوگ ہیں اس میں بھی Involve ہوں اور چیف منسٹر صاحب بھی اس میں ہوں گے تو میں خود اپنی طرف سے یہ کوشش کروں گا کہ جیسے ہی کوئی موقع ملتا ہے تو آپ کی ایک Proper meeting arrange کرتے ہیں جس میں تمام ڈیپارٹمنٹ کے جو Concerned لوگ ہیں، وہ اس میں شامل ہوں تاکہ اندازہ ہو جائے، پتہ چلے کہ کیا کیا تیاری ہے؟ میرے خیال میں جو Main points ہیں، وہ ڈسکس ہو گئے ہیں، اگر منور خان صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، اس کے بعد جو ہے نامشتاق غنی صاحب وہ کریں گے، وہ فائنل ہو جائے گا۔ منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ یقیناً اس سے پانچ سال پہلے بھی اسی موضوع پہ کافی ڈسکشن ہوئی ہے لیکن آج سر! اس ایشو کو جتنا یہ گورنمنٹ نان سیریس لے رہی ہے، اسے ظاہر ہے، آپ یکھ رہے ہیں اور افسوس اس بات پہ ہے کہ کل جب میں اپنے ڈسٹرکٹ سے آرہا تھا اور پشاور میں Enter ہو رہا تھا تو میں نے بڑے بڑے بینرز دیکھے اور ان پہ یہاں کے جتنے بھی پارٹی لیڈرز ہیں، یہاں ان کے فوٹو اور یہاں KPK کے جتنے بھی تاجر ہیں، انہوں نے ایک بینر لگایا ہے کہ ہمیں بھتہ خوروں سے نجات دلاؤ، یہ کبھی ہم نے نہیں دیکھا ہے سر! اور یہاں ہم دیکھ رہے ہیں، اسمبلی میں بھی یہ کرسیاں آپ دیکھ رہے ہیں اور یہاں پہ جو ہماری پولیس اور سیکرٹریز اور باقی دوسرے صاحبان جو بیٹھے ہیں، یہ ہمیں بھی دیکھ رہے ہیں کہ یہ لوگ کتنے سیریس ہیں؟ ہم تو یہ الزام لگا رہے ہیں کہ پولیس والے کام نہیں کر رہے ہیں Law Enforcement Agencies جو ہیں، وہ کام نہیں کر رہی ہیں لیکن اس طرف بھی انگلی اٹھانی چاہیئے کہ ہم کتنے سیریس ہیں، ہم نے کب ان کو سپورٹ کیا ہے، یہاں پہ ہم صرف ٹی اے/ڈی اے اور تنخواہوں

کے بل پاس کرنے کیلئے آئے ہیں؟ بڑے افسوس کی بات ہے اور یہ اسلئے ہورہا ہے سر! پختونوں کا خون یقیناً جس طرح بہہ رہا ہے، میں آج ٹی وی پہ دیکھ رہا تھا وزیرستان کی دو بچیاں تھیں اور میرے خیال میں کوئی چینل تھا، وہ ٹی وی والے، ایک عورت ان سے انٹرویو لے رہی تھی تو یقیناً میں بالکل حیران رہ گیا کہ آپ میر علی یا میران شاہ یا اس کے آس پاس کے دیہاتوں کی جو بچیاں ہیں اور اس کو بتارہی تھیں کہ ڈرون آرہے ہیں اور پھر اس کے بعد کہہ رہی تھیں کہ کوبرا ہیلی کاپٹر، ان بچیوں کو کوبرا ہیلی کاپٹر کے نام بھی یاد ہو گئے ہیں اور یہ جس تعداد میں بنوں آرہے ہیں، وہاں ان لوگوں کیلئے رہنے کی جگہ نہیں ہے اور یہاں پہ بھی ہم نے پابندیاں لگائی ہیں کہ ان کو جگہ بھی نہ دو، ہم نے کیا کیا ہے ان کیلئے؟ وہاں پر ان کے بمبار طیارے ان کو مارتے ہیں یا ڈرون ان کو مارتے ہیں اور وہاں سے واپس جب سیٹلڈ ایریا میں آتے ہیں تو انکا کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ ان دو بیچاری بچیوں کو جب میں نے دیکھا کہ وہاں وہ بیچاری پانی کو ترس رہی تھیں، کھانا تو چھوڑیں، کیا ان کیلئے یہ حکومت کچھ بھی نہیں کرے گی، کیا ہم صرف یہاں پہ اپنی تنخواہیں بڑھائیں گے؟ جو آج بنوں اور اس کے آس پاس سرائے نورنگ ہے یا لکی مروت ہے، وہاں پہ آپ لوگوں کو دیکھیں کہ خیمے ان کے پاس نہیں ہیں اور اس گرمی میں اس حالت میں یہ بیچارے پودوں اور درختوں کے نیچے چھوٹے چھوٹے بچے پڑے ہوئے ہیں اور ہم یہاں پہ دیکھ رہے ہیں اور ڈسکشن کررہے ہیں کہ ہم دہشت گردی کے ساتھ کیسے نمٹیں گے؟ جب تک ہم یہ اسمبلی والے اور یہ حکومت والے سیریس نہیں ہوں گے اسی طرح ہم مارے جائیں گے۔ ہر کوئی یہ شور مچارہا ہے اور گورنمنٹ کی ایجنسیاں بھی یہی کہہ رہی ہیں کہ افغانی سمیں، ابھی تک ہماری حکومت، چاہے فیڈرل ہو یا صوبائی، اس ایک ایشو کو بھی ختم نہیں کرسکی کہ یہاں پہ افغان سموں کی جو بھرمار ہے، اس میں کونسی رکاوٹ ہے؟ آج جتنی بھی بھتہ خوری یا ٹارگٹ کلنگ ہورہی ہے، یہ ان سموں کی وجہ سے ہورہی ہے لیکن بڑے دکھ کے ساتھ سر! یہاں پہ قانون اور لاء تو ہم بنارہے ہیں لیکن وہ وہی فائیلوں، دفتروں میں، میں تو ایک ہی Suggestion یہاں پہ سب سیکرٹریز بیٹھے ہیں کہ First of all یہ جو افغانی سمیں ہیں، ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیئے سر، اور باقی موٹر سائیکل کی بات کررہے ہیں تو یقیناً اگر موٹر سائیکل کی وجہ سے ٹارگٹ کلنگ یا بھتہ خوری، سب عوام آپ کے ساتھ ہر قسم کا کوآپریشن کرنے کیلئے تیار ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ خدارا ہمیں بچاؤ، ہمیں ان بھتہ خوروں سے بچاؤ، آپ ہم سے چاہتے

کیا ہیں؟ خون تو دے رہے ہیں، پیسے بھی دینے کیلئے تیار ہیں لیکن جناب سپیکر! میں پھر بھی اسی طرف جاؤنگا اور مزید ٹائم بھی نہیں لیتا کیونکہ پچھلے سال بھی اسی پہ ڈسکشن ہورہی تھی اور یہی دہشت گردی اور ابھی تو میرے خیال میں کچھ راحت بھی ابھی آگئی ہے لیکن اگر ہم تھوڑا مزید سیریس ہوگئے، جیسے میں نے بتا دیا کہ افغان سمیں ہیں، موٹر سائیکل ہیں اور دوسرا یہ مجسٹریٹی کا نظام جو ہے اس کو اگر ہم دوبارہ شروع کریں تو اس میں مزید، اب میرے بھائی! موٹر سائیکل کے نمبر پلیٹس کی بات آرہی ہے، اس پہ بھی توجہ دینی چاہیئے لیکن سب سے، ایک مسئلہ جو یہاں پہ حکومت والے بیٹھے ہیں، مجھے تو کوئی بھی ایسا Responsible شخص، مائنڈ نہ کریں، اسمبلی میں نظر نہیں آرہا کہ وہ نوٹ کرے اور اس پہ ہمیں Reply بھی دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ جو آپ نے بات کی ہے، سارے نوٹ ہورہے ہیں، جواب بھی دیں گے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں سر، میں دیکھ رہا ہوں، نوٹ بھی کررہے ہیں سر، میں وہ Seriousness دیکھ رہا ہوں کہ یہاں پہ Seriousness کتنی ہے؟ یہ میں اسلئے نہیں کہہ رہا ہوں کہ آپ یہاں پہ نوٹ کریں اور ہمیں جواب دیں، ہمیں سیریس ہونا پڑے گا سر۔

جناب سپیکر: میں نے ابھی سیکرٹری صاحب کو انسٹرکشنز دے دی ہیں اور یہاں چونکہ میں Custodian of the Assembly ہوں اور آپ کا اس وقت جو Concern ہے، جو آپ کی Suggestions ہیں اس کیلئے میں نے سیکرٹری صاحب کو انسٹرکشنز دی ہیں کہ سی ایم صاحب، آپ کے پارلیمانی پارٹی کے لیڈرز، تمام ایجنسیز، Law Enforcement Agencies اور پولیس ڈیپارٹمنٹ اور جو دیگر ادارے ہیں اور خاصکر ہم اس میں یہ بھی دیکھیں گے کہ اگر کوئی اس قسم کا واقعہ ہوتا ہے، میر انشاءاس میں، اس کیلئے ایک ہفتے کے اندر اندر اس کے ساتھ Coordinate کرکے ایک 'پراپر' میٹنگ کررہے ہیں اور ہم دیکھیں گے کہ اس میں کیا Serious arrangements ہورہے ہیں؟ میرے ساتھ اس وقت عاطف صاحب خان بھی بیٹھے ہیں اور مشتاق غنی صاحب، تو میں خود اس کو Follow کرونگا اور ایک ہفتے کے اندر اندر ہم میٹنگ کرلیں گے۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: تھینک یو سر۔ میں ایک چیز آپ کے نالج میں لانا چاہتا ہوں کہ یہ صوبہ تو بڑا چھوٹا صوبہ ہے، کراچی جیسے شہر میں اب وہاں پہ ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری کو کنٹرول کر سکتے ہیں تو یہاں پہ کیوں نہیں سر؟اور میں تو زیادہ تر یہ پشاور میں جو پمفلٹ اور یہ چیزیں دیکھ رہا ہوں، میں اپنے ڈسٹرکٹ اور باہر کے ڈسٹرکٹ میں تو اس طرح،اس کا اتنا مسئلہ نہیں ہے، تو کم از کم یہ اسمبلی کے فلور پہ انکو، یہ چھوٹے سے جو آس پاس کے ڈسٹرکٹس ہیں، اتنے بڑے وہ نہیں ہیں، اس پر میرے خیال میں، اور یہ بھی بڑے افسوس کی بات ہے کہ یہاں پہ زیادہ تر پولیس افسران میرے خیال میں وہ اس صوبے سے چلے بھی گئے ہیں اور جانا بھی چاہتے ہیں تو میں تو پھر اسی طرف جاؤنگا، کراچی میں ایک ہی ہمارے ڈی آئی خان کے پٹھان شاہد حیات صاحب، میرے خیال میں اس جیسے آفیسر کی ضرورت ہے، جو کم از کم برملا کراچی میں پھرتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں کہ آئے مجھے کوئی مارنے والا، لیکن انہوں نے قسم کھائی تھی کہ میں ٹارگٹ کلر اور بھتہ خوروں کو نہیں چھوڑوں گا، تو اس قسم کے افسر بھی یہاں پہ ہونے چاہئیں اور یہ میرے خیال میں اتنی زیادہ تعداد میں ہمارے ہاں بھتہ خور اور ٹارگٹ کلر نہیں ہیں جتنے کراچی میں ہیں، اسی پہ میں، آپ کا بڑا شکریہ، تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: شکریہ شکریہ، تھینک یو۔ مشتاق غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ جناب سردار حسین بابک صاحب، مس انیسہ زیب صاحبہ اور منور خان صاحب نے سیر حاصل بحث کی ہے، جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی حکومت ہو، اس کی اولین ترجیحات میں نمبر ون پہ عوام کی جان ومال کا تحفظ ہے اور پی ٹی آئی PTI led Coalition Government اپنے اس فرض سے قطعی طور پر غافل نہیں ہے، ہماری جب حکومت آئی تو ہمیں بہت سی چیزیں وراثت میں ملیں، اس صوبے کی جو حالت تھی، وہ سب کے سامنے ہے، کوئی ڈھکی چھپی بات اس میں نہیں ہے۔ ہماری حکومت نے بہت سے Measures لیے ہیں، اس سلسلے میں بہت سی خطیر رقوم صرف کی ہے تاکہ صوبے کے اندر جو لاء اینڈ آرڈر سیچوایشن ہے، اس کو کنٹرول کیا جائے اور جو دہشت گردی کا Element ہے، آپ نے دیکھا کہ کافی حد تک اس میں کمی، ختم نہیں ہوئی لیکن کافی حد تک اس پہ کنٹرول ہوا لیکن یہ نئی ایک مصیبت ہمارے صوبے میں ٹریول کر کے آئی، یہ بھتہ خوری والی اور ٹارگٹ کلنگ والی، جناب سپیکر! جیسے میرے بھائیوں نے بات کی ہے، یہ اصل میں یہاں پہ دو گروپس ہیں

جو یہ بھتہ خوری اور Extortion میں ملوث ہیں، ایک گروپ تو Militants کا گروپ ہے اور دوسرا لوکل کریمنل لوگ، اب جو Militants کا گروپ ہے، اس میں Further تین گروپس ہیں، ایک تو تحریک طالبان پاکستان مہمند گروپ جو Operate کرتا ہے ہمارے فاٹا سے باہر، Across the boarder، وہاں سے Operate کر رہا ہے اور دو گروپ ہمارے خیبر ایجنسی سے کر رہے ہیں، لشکر اسلام اور طارق گیدڑ گروپ، اب سم کی بات تو ہم سب ہی کر رہے ہیں اور افغانستان کی سم یہاں پہ چل رہی ہے، رومنگ اس پہ ہو رہی ہے، ساؤتھ افریقہ کی بھی چل رہی ہے لیکن سم کو بلاک KPK کی گورنمنٹ نہیں کر سکتی اور یہ بار بار اس ہاؤس سے مطالبے ہو چکے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ، پی ٹی اے، ان کے پاس یہ اختیار ہے اور یہ سیلولر کمپنیاں جو ہیں جو باہر کی سموں کو رومنگ Provide کرتی ہیں، یہ انکی ذمہ داری ہے اور فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ یہ مسئلہ بارہا اٹھایا بھی جا چکا ہے، ایک یہ Element منور خان صاحب نے اور بابک صاحب نے، سب نے بڑی صحیح بات کی ہے، اس سم کو ہم ختم کر دیں جو رومنگ پہ ہے یا Un registered sims پاکستان کے اندر سے بھی ہیں اور ان کے خلاف عدالتیں بھی فیصلے کر چکی ہیں لیکن یہ لالچی لوگ، یہ جو سیلولر کمپنیاں ہیں، ان کے اوپر اس کا اثر نہیں ہو رہا جب تک انہیں فیڈرل گورنمنٹ آہنی ہاتھوں کے ساتھ نہیں نبٹے گی، ہم تو یہ بھی تجویز کرینگے، یہ ہم اپنی کیبنٹ میں بھی لائیں گے اور ہاؤس میں بھی یہ بات پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ایف آئی آر جب درج ہو کسی بھی Kidnapping کی اور اس طرح کے کیس کی، تو جس کی سم استعمال ہو رہی ہو، اس کے خلاف بھی ایف آئی آر درج کی جائے تاکہ Un registered sims کیوں ہمارے ملک کے اندر اور پورے ملک میں یہ استعمال ہو رہی ہیں اور یہ بھتہ اور Kidnapping یہ صرف پشاور کے اندر نہیں ہے جناب والا! چند دن پہلے جنرل حسن کا ہاسپٹل ہے پنڈی اسلام آباد میں، وہاں پہ ایک کروڑ روپیہ بھتہ وصول کیا گیا، اسلام آباد میں لوگوں کو یہ پرچیاں مل رہی ہیں، It`s all over the Country, not only in KPK, in Peshawar particularly. So ہم سب کو اور خاص طور پر میں پھر کہونگا کہ فیڈرل گورنمنٹ کو اس پہ غور کرنا ہوگا، ہم سارے مل بیٹھ کے ہی اس چیز سے جان چھڑا سکتے ہیں جناب والا! اس سلسلے میں ہم نے فیڈرل گورنمنٹ کو، ہمارے ہوم ڈیپارٹمنٹ نے ایک لیٹر بھی لکھا ہے کہ ایک سپیشل ٹاسک فورس بنائی جائے جس میں منسٹری آف ٹیلی کمیونیکیشن، فارن آفیئرز کی منسٹری اور ایف آئی اے، یہ بھی اس میں بیٹھے ہوں تاکہ یہ سارے سر جوڑ کے

بیٹھیں اور بیٹھ کے اس ایشو سے نمٹنے کی کوئی راہ تلاش کریں۔ ہمارے ہاں ایشو یہ ہے کہ ہمیں GSM locaters استعمال کرنے کی اجازت فیڈرل گورنمنٹ سے چاہیے اور Listening کی اجازت چاہیئے جو ہمیں ابھی تک نہیں مل سکی جس کیلئے ہماری حکومت نے نو کروڑ روپیہ ابھی مختص کر دیا ہے تاکہ ہم خود بھی ان آلات کی مدد سے ان سموں کو Detect کر سکیں، پتہ چلا سکیں کہ یہ کون لوگ ہیں، کہاں سے یہ ٹیلیفون کال کر رہے ہیں؟ اور اگر ہم اس کو بند کرنے میں کامیاب ہو جائیں With the help of Federal Government تو پھر صرف پرچی سسٹم ایک رہ جائے گا اور اس کو پکڑنا بڑا آسان کام ہے، کیمرے اس کو Detect کر سکتے ہیں، کوئی لیٹر کے نیچے نام لکھے گا اور پھر اس کے ساتھ دوسرا اہم مسئلہ جو ہے ہنڈی کے حوالے سے جو Illegal business ہے، اس کے ذریعے سے یہ پیسہ جو Ransom ہے، یہ پہنچتا ہے، اس کو بھی کنڑول کرنا بے حد ضروری ہے اور اس کیلئے بھی کوئی قانون سازی ہونی چاہیئے Otherwise یہ ایک ایسی چیز ہے کہ دیکھیں جیسے Terrorism ہے، جیسے یہ ہے، اب اس میں سب سے بڑا ایشو جو ہمیں آرہا ہے کہ جو لوگ بھی اس سے Effect ہوتے ہیں، وہ سامنے نہیں آتے، وہ رپورٹ نہیں کرتے، ڈرتے ہیں، عزت سے ڈرتے ہیں، جان سے ڈرتے ہیں جس سے وہ Element جو کہ بھتہ خوری میں ملوث ہیں، ان کے حوصلے بلند ہوتے ہیں۔ اس کیلئے ہماری گورنمنٹ نے چیمبر آف کامرس سے بات چیت کی اور پولیس اور چیمبر آف کامرس کی ایک کمیٹی بن گئی ہے کہ وہ تاجر خاص طور پہ جو اس کا شکار ہوتے ہیں اور جو رپورٹ نہیں کرتے کہ میرا نام سامنے نہ آجائے، ہم نے یہ کیا ہے کہ وہ اپنے چیمبر کو اطلاع دے دیں اور چیمبر کے لوگ اس تاجر کا نام لیے بغیر ہمیں وہ Source بتا دیں کہ اس کو کس نے ٹیلی فون کیا، کس نمبر سے کیا، Mediation کس نے کی، پیسے کس کے حوالے ہوئے تاکہ ہم کیس اس کے تحت، اس کا مطلب یہ ہے جیسے تاثر یہ دیا گیا کہ The government is sleeping، حکومت جاگ رہی ہے جناب والا! اور ہر طریقے سے ہم کوشش کر رہے ہیں اور اس میں آپ ہمارے بھائی ہیں، سب کا یہ مسئلہ ہے، ہم سب نے مل کے اس کو ختم کرنا ہے۔ اسی طرح جناب! ہم نے جو دیگر Measures لئے ہیں، ان چیزوں کو ختم کرنے کیلئے لاء کو Actively سامنے لانے کیلئے، ہم نے ایک Counter Kidnapping Cell, headed by

S P rank officer بنایا ہے جو صرف اسی کے اوپر کام کررہا ہے CTD Act, Counter Terrorism Department, headed by DIG،اس کو 24 سو کی نفری دے دی گئی ہے اور اس کے چھ Wings ہیں: Intelligence, Operation, Investigation, Technical, Research and Analysis and Administrative Wing، تو یہ جو ہے ہم نے Measures لیے ہیں کہ یہ ان چیزوں کو دیکھیں، سارا کام صرف پولیس اور تھانے کے حوالے جو ماضی میں رہا، ہم نے اس کو تقسیم کیا کہ ہر ایک کی اپنی اپنی ذمہ داری ہو۔ اسی طرح بم ڈسپوزل یونٹ ہمارے صوبے میں ایک ہی تھا، میرے خیال میں پہلے پشاور میں، ابھی Almost ہر ڈسٹرکٹ میں یہ یونٹ موجود ہے With latest gadgets equipments اور تقریباً 13 کی تعداد ہر ایک کی ہے اور دو دو Shepherd dogs بھی ان کے ساتھ موجود ہیں And by the end of this June یہ تعداد Sixty تک پہنچ جائے گی، تو یہ Measures ہم لے رہے ہیں۔ اسی ہاؤس میں ہم نے Rent Restrictions Security Act پاس کیا، ہوٹل ایکٹ پاس کیا تاکہ یہ جو دہشتگردی کے Elements ہیں اور ہمارا چھپا دشمن ہے، یہ جس گھر میں بھی چھپے، ہماری مقامی پولیس کو اطلاع ہونی چاہیئے کہ کس گھر میں کون کرایہ دار رہ رہا ہے اور کس ہوٹل میں کس نے Stay کیا ہوا ہے، یہ سارا جو ایک Centeralized Database بنایا ہے ہمارے ہوم ڈیپارٹمنٹ نے اور پولیس نے، جس میں کہ ان لوگوں کے نام آرہے ہیں اور اس سے بھی ان شاءاللہ یہ دہشت گردی کا Element اور اس طرح کی چیزیں کنٹرول ہونگی۔ پولیس کیلئے پروفیشنل ٹریننگ کیلئے دو سکول بنائے گئے ہیں، School of Intelligence in Abbottabad and School of Investigation in Peshawar تاکہ ان کو مزید پروفیشنل ٹریننگ دی جاسکے اور ان چیزوں کے ساتھ نمٹنے کیلئے ان کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جاسکے۔ اسی طرح جناب سپیکر، ہم نے پہلی دفعہ اس حکومت نے پولیس کے اندر نہ صرف یہ کہ اس کو De-politicized کیا بلکہ میرٹ کو Ensure کرایا اور پولیس میں بھرتیاں بھی Through NTS test ہو رہی ہیں جس سے کہ یہ سیاسی بنیادوں پہ بیکار لوگ جو تعلیمی اداروں میں بھی آجاتے تھے، پولیس میں بھی آجاتے تھے، نہ ان کے پاس ٹریننگ ہوتی تھی نہ عقل ہوتی تھی، بس میرا ووٹر ہوتا تھا، اس چیز کو ہماری حکومت نے Under the directions of my leader Imran Khan بالکل جڑ سے اکھاڑ

پھینکا ہے۔ (تالیاں) تو یہ چیز ہم اپنے صوبے میں جاری نہیں ہونے دینگے اور کچھ بھی ہو جائے ہم ہر جگہ میرٹ کو ان شاءاللہ Ensure کرائیں گے۔ اس کے علاوہ Police Assistance Line پشاور میں بنادی گئی ہے اور ان شاءاللہ سارے ڈسٹرکس میں ہم بنانے کی کوشش کر رہے ہیں اور یہ ایک ہی جگہ پہ ہر شہر میں ایک ایسا مرکز بن جائے گا جس میں گمشدگی کی رپورٹ لوگ کرواسکیں گے، Character certificate کیلئے صرف اسی جگہ پہ جائیں اور ان کو وہاں سے ساری Verification مل جائے، ہر قسم کی Complaint جو ہے، وہ اس لائن میں درج کرواسکتے ہیں اور جو بچے گم ہو جاتے ہیں، Child lost، اس کی رپورٹ وہاں پہ وہ کر سکتے ہیں، Vehicle lost کی رپورٹ وہاں پہ کر سکتے ہیں، Legal advise بھی ان کو وہاں سے ملے گی اور اس سے لوگوں کی زندگی میں آسانی پیدا ہو گی۔ پھر اس کے بعد وہ جو Police Assistance Lines ہیں، ان کا کام ہے اس شخص کو Facilitate کرنا، یہ چیزیں اس صوبے کے اندر پہلے کب تھیں؟ اس کے علاوہ جناب سپیکر، Safe City Project، 1062 ملین پشاور کیلئے اس حکومت نے مختص کئے ہیں، اب اس Safe City Project میں، یہ اتنا زبردست پراجیکٹ ہے کہ اس میں کوئی پانچ سو کی تعداد میں Surveillance کیمرے لگ جائینگے، پشاور کی، جس طرح لندن کی ہر سڑک پہ کیمرہ ہے، جو گاڑی گزرے گی، جو شخص گزرے گا، سب ریکارڈ ہو رہا ہو گا اور کنٹرول روم اس کو دیکھ رہا ہو گا اور اس میں ایک خاص بات یہ ہے کہ اس میں سافٹ ویئر ہو گا جس میں جتنے Terrorist, Criminal elements جن کی پولیس کے پاس تصاویر ہیں، وہ اس میں Feed ہو نگی اور جب وہ شخص اس کیمرے کے آگے سے گزرے گا تو فوراً کنٹرول۔۔۔۔

(مغرب کی آذان)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تو جناب سپیکر، میں Safe City Project کی بات کر رہا تھا اور ان شاءاللہ، چونکہ ہمارے صوبے میں یہ جتنا Crime ratio ہے، سب سے زیادہ اسی شہر میں ہے اور یہی Surrounded by tribal belt ہے اور وہاں سے Easily لوگ آجاتے ہیں اور ان لوگوں کی جتنی بھی Available pictures ہیں، وہ اس میں Feed ہوں گی اور جہاں سے بھی وہ گزریں گے اس کیمرے کی زد میں آئیں گے اور ہمارے کنٹرول روم کو اطلاع مل جائے گی کہ فلاں نمبر گاڑی میں فلاں

Criminal بیٹھا ہے اور Quick response ہو گا اور ان شاءاللہ وہ لوگ Arrest ہونا شروع ہو جائیں گے۔اسی طرح سیکورٹی کریسنٹ روڈ جو ہے،ان شاءاللہ یہ منصوبہ بھی ہے کہ یہ جو آپ کا روڈ ہے جو بڑھ بیر اور متنی سے ہوتا ہوا حیات آباد تک یہ جو کریسنٹ روڈ ہے اس کے اوپر پٹرولنگ پوسٹس بنائی جا رہی ہیں اور وہ محفوظ پوسٹس ہوں گی تاکہ ،آپ نے اکثر دیکھا ہو گا کہ ہماری پولیس عام جگہوں پہ کھڑی ہوتی ہے، چھوٹی موٹی انہوں نے وہ چیزیں بنائی ہوتی ہیں اور Easily ان کے اوپر اٹیک کر دیا جاتا ہے تو یہ ان کیلئے محفوظ پوسٹس بنائی جائیں گی جس سے ان شاءاللہ وہ اپنی پرفارمنس بہتر کر سکیں گے۔اس کے علاوہ ہم نے ایک پراونشل ٹاسک فورس ہماری حکومت نے بنائی ہے Under the chairmanship of Home Secretary اور اس میں جیسے شاید منور خان صاحب نے بات کی کہ انٹیلی جنس اداروں کی واقعی بہت بڑی ذمہ داری ہے، یہ جتنی چیزیں ہوتی ہیں یہ انہی کا ہی کام ہے لیکن ان میں انفارمیشن شیئر کرنے کا اس سے پہلے کوئی سسٹم نہیں تھا،اس ٹاسک فورس کی خوبی یہ ہے کہ اس میں سارے لوگوں کو شامل کر لیا گیا ہے،اس میں فرنٹیئر کور شامل ہے،اس میں آئی ایس آئی شامل ہے،آئی جی پی بھی اس میں شامل ہیں،آئی بی اس کا حصہ ہے،ایم آئی اس کا حصہ ہے،فرنٹیئر کانسٹیبلری اس کا حصہ ہے اور کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ اس کا حصہ ہے اور سپیشل برانچ اس کا حصہ ہے،اس سے یہ فائدہ ہو گا کہ کسی بھی حصے میں، کوئی بھی، کسی بھی ادارے کے پاس کوئی انفارمیشن آتی ہے تو وہ ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کر کے متعلقہ جگہ اطلاع کر سکیں گے تاکہ اس کا Quick response ہو سکے۔ جناب والا! میری بہن نے جیسے بات کی کہ پولیس، شاہ فرمان صاحب نے ادھر بات کی تھی اور اس کے اوپر کوئی شاید کارروائی نہیں ہوئی،ایسی بات نہیں ہے، ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے بہت سے لوگ ان حادثات میں جام شہادت نوش کر گئے ہیں، ہماری فوج کے جوان، ہماری پولیس کے نوجوان، جگہ جگہ ہم جاتے ہیں اور وہ گاڑیاں چیک کر رہے ہوتے ہیں اور میرے ذہن میں یہی بات آ رہی ہوتی ہے کہ یہ کتنا بہادر شخص کھڑا ہے،اس کو یہ علم ہے کہ اس گاڑی کے اندر Explosive ہو سکتا ہے اور جب پولیس والا اس کو چیک کرے گا تو وہ Blast کر سکتا ہے But even then اس صوبے کے عوام کی حفاظت کیلئے وہ اس گاڑی کو چیک کر رہا ہوتا ہے، تو پولیس کے محکمے کیلئے جو Incentive ہماری گورنمنٹ نے دی ہیں، ایک تو ہم نے ان کی Pay پنجاب پولیس کے برابر کر دی ہے، KPK پولیس کی،

اب KPK اور پنجاب پولیس کی Equal وہ ہے، 36 شہداء کے بچے یا بھائی جو ہیں ان کو اے ایس آئی کی پوسٹوں پہ تعینات کیا گیا ہے پولیس ڈیپارٹمنٹ کے اندر اور سپیشل الاؤنس، جو Bomb Disposale Unit, BDU ہے، اس کو پہلے پانچ سو روپیہ ملتا تھا حالانکہ انکا کتنا خطرناک کام ہے، اس میں پیچھے کچھ لوگ شہید بھی ہوئے ہیں، اس کو پانچ سو روپے سے پانچ ہزار روپے کر دیا گیا ہے اور جو پلاننگ یونٹ ہے، اس کا سپیشل الاؤنس بھی پانچ ہزار روپیہ Per month کر دیا گیا ہے۔ اس طرح کے اور بے شمار ہیں، ٹائم کی کمی ہے ورنہ میرے پاس تو بہت ساری اور ڈیٹیلز بھی ہیں لیکن جناب سپیکر، میں ہاؤس کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہماری حکومت جو ہے، اور یہ میں نے پہلے کہا کہ یہ ہماری پہلی ترجیح ہے، آپ یقین کریں جناب سپیکر! کہ عمران خان صاحب کو باہر کے ممالک سے پاکستانیوں نے بہت سے پراجیکٹس آفر کئے ہوئے ہیں کہ ہم اس صوبے میں انوسٹمنٹ لیکر آنا چاہتے ہیں اور ہماری پوری کوشش ہے کہ ہم اس صوبے کے اندر ایسا ماحول پیدا کریں، ایسا طریقہ ہم اختیار کر سکیں کہ جس سے یہ Kidnapping بھی ختم ہو، Extortion بھی ختم ہو جس سے یہ جو دہشت گردی ہے، وہ بھی ختم ہو، Peace آ جائے، I am sure کہ جس دن اس صوبے کے اندر Peace آ گیا، اتنی انوسٹمنٹ آئے گی کہ جس کا آپ سوچ بھی نہیں سکتے، میری بھی اللہ سے دعا ہے اور آپ کی بھی ہونی چاہیے۔ دیکھیں ایک دشمن آپ کے سامنے ہے، للکارتا ہے، آپ بھی للکار کے مقابلہ کر سکتے ہیں، ایک دشمن چھپا ہوا دشمن ہے، ہم کیوں یا ہماری پارٹی کیوں ڈائیلاگ کی طرف جاتی تھی، صرف اسلئے کہ پچھلے دس سال سے لڑائی تو ہو ہی رہی ہے، فوج کے جوان بھی شہید ہو رہے ہیں اور وہ لوگ بھی اس جنگ میں مارے جا رہے ہیں، ڈرون بھی ہوتے رہے لیکن مسئلے کا حل نہیں نکلا، ڈائیلاگ کیلئے کوشش کرنا کوئی بری بات نہیں لیکن جو مجھے مارے گا میں بھی اس کو مارونگا، جو ہمارے بچوں پہ حملہ کرے گا ہم بھی اس کو نہیں چھوڑیں گے، ہماری حکومت کی یہی پالیسی ہے اور This I assure you ان شاء اللہ، جیسے آپ نے بھی کمٹمنٹ، وہاں سے آرڈر کر دیا ہے جناب، میرے پاس بھی یہ چیز لکھی ہوئی تھی کہ جو ٹائم فکس کریں، ہمارا ہوم ڈیپارٹمنٹ اینڈ پولیس ڈیپارٹمنٹ، Not only to the Parliamentry leaders ٹوٹل ہمارے جتنے بھی ایم پی ایز ہیں، سب کو ہم لاء اینڈ آرڈر کے اوپر پولیس کے جو Measures ہیں، Initiatives ہیں، اس پر بریفنگ دینے کو تیار ہیں، Date آپ فکس کر لیں، ان شاءاللہ وہ آ جائیں

گے اور اس کے اوپر ان شاءاللہ یہ کھل کر ان پہ سوال و جواب بھی کریں، سوال و جواب ہوں تاکہ یہ میرا یا منور خان صاحب یا بابک صاحب کا اکیلا مسئلہ نہیں ہے، اس صوبے کے عوام کا مسئلہ ہے اور ہم سب عوامی نمائندے ہیں، ہم نے مل کے اس مسئلے کو حل کرنا ہے۔ تھینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میں ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں گزشتہ چند دنوں سے اسمبلی کے حوالے سے کچھ میڈیا میں خبریں آ رہی تھیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس ایک سال میں اس اسمبلی نے جتنی قانون سازی کی ہے، یہ تاریخ کا ایک حصہ ہے اور میں چیلنج سے کہتا ہوں کہ اس سے پہلے شاید کسی بھی اسمبلی میں اتنی قانون سازی نہیں ہوئی، نہ کسی اور اسمبلی میں اور قومی اسمبلی، سینیٹ میں ہوئی ہے، اسلئے میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اس اسمبلی کی ایک سالہ کارکردگی کو، اس کے حوالے سے ہم نے (تالیاں) باقاعدہ ایک کتابچہ پرنٹ کیا ہے، آپ سب ممبر حضرات کو یہ ملے گا، آپ دیکھ لیں اور میں سمجھتا ہوں کہ میڈیا کے بھائی بھی یہ کم از کم دیکھ لیں کہ آپ لوگوں نے تو ماشاءاللہ بہت، مسلسل آپ کا Experience ہے، مختلف اسمبلیوں کے ساتھ آپ دیکھ لیں کہ اس اسمبلی کا کتنا کردار ہے۔

In exercise of the powers conferred on me by Clause (3) of Article 54 read with Article 127 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Assad Qaisar, Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa shall stand prorogued on 6th June, 2014, on completion of its business fixed for the day till such date as may hereafter be fixed.

---

(اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)